

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات تسخیر دل

اس کتاب میں تمام دُنیا کے لوگوں کو اپنا مُطیع
بنا لینے والے مجرّب عملیات درج کئے گئے ھیں
ھر عمل آزمائش کے معیار پر پُورا اُترا ھے۔

مُرتبہ مؤلفہ

حضرت مولانا الحاج جناب سلطان احمد صاحب
چاندپورہ

Scanned by CamScanner

مقدّمہ

زندگی کی سب سے اہم دولت ہے ہر دلعزیزی اور عزّت، اگر یہ دولت حاصل نہ ہو تو زندگی کا مقصد فضول اور لایعنی ہو کر رہ جاتا ہے۔ اگر کسی کے اندر دوسروں کے مسخر کر لینے والی شخصیت موجود ہے تو وہ زندگی کے ہر میدان میں کامیاب و کامران رہتا ہے اس کی من موہ لینے والی کشش اسے ہر محفل میں جانِ محفل بنا دیتی ہے۔ یہ کشش پیدا کرنے کیلئے انسان کو اپنے ذاتی اخلاق میں نرمی اور لوچ پیدا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے اس سلسلے میں میں نے کتاب کے پہلے باب میں اجمالاً شخصیت اور اخلاق کے عنوان سے روشنی ڈالی ہے۔

دوسری خاص چیز دنیا والوں کے دلوں کو جیتنے کیلئے روحانی عملیات ہیں۔ یوں تو ملک بھر میں صدہا ایسی کتابیں موجود ہیں جن میں عملیات کے گنجینے بھرے پڑے ہیں۔ مگر میں نے زیرِ نظر کتاب میں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھا ہے کہ محبت تسخیر اور دوسرے مقاصد کیلئے آسان اور پر تاثیر عملیات ہی شامل کئے جائیں اور اس مجموعے

میں جس قدر عملیات شامل کئے جارہے ہیں سب تجربے کے معیار پر پورے اترے ہیں۔

خدا کرے کہ عملیات کے ان جواہر پاروں سے بندگان خدا کی مشکلات آسان ہوں۔ ٹوٹے ہوئے دل جڑ جائیں۔ بگڑے ہوئے کام بن جائیں اور سب کے دلوں کی مرادیں پوری ہوں تو میری محنت وصول ہوجائے۔

مؤلف

سلطان احمد عفی عنہٗ

شخصیت اور اخلاق

میں مقدمہ میں یہ بات بتا چکا ہوں کہ دُنیا کی سب سے بڑی دولت عزّت عام اور ہر دلعزیزی ہے۔ اسی کے ذریعے انسان بڑی سے بڑی کٹھن منزلیں طے کر جاتا ہے اور اُسے دشواریوں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا ہر جگہ اس کی عزّت ہوتی ہے۔ ہر مقام پر اس کے چاہنے والے لوگ موجود ہوتے ہیں۔ اور عوام میں جس کی عزت ہو وہ کیا نہیں کر سکتا۔ بلا شُبہ ہر دلعزیزی اور مقبولیت ایک بڑی دولت ہے اور لُطف یہ کہ یہ دولت حاصل کرنا چنداں مشکل بھی نہیں ہے۔ یہ تو ہر شخص جان سکتا ہے کہ بد اخلاق انسان سے سب نفرت کرتے ہیں اور وہ اپنی اس بُری عادت کی بنا پر بڑے بڑے نقصان اُٹھاتا ہے ہر جگہ اسے دشمنوں سے سابقہ کرنا پڑتا ہے برخلاف اس کے خوش اخلاق انسان کے ہر جگہ دوست ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ دوست صرف فائدہ پہونچاتے ہیں نقصان بہت کم اور زیادہ فائدہ اٹھانے والا ہی دنیا کا کامیاب انسان ہوتا ہے۔ ذیل میں ہم مختصراً اس دولتِ لازوال کے حصول کی تراکیب بیان کرتے ہیں۔

آدابِ گفتگو

سب سے پہلے ضرورت ہے کہ انسان کو آدابِ گفتگو سے کماحقہٗ واقف ہونا چاہیئے۔ ہر چھوٹے بڑے سے اس کے مرتبے کے لحاظ سے بات چیت کرنی چاہیئے۔ گفتگو کے وقت چہرہ سخت اور لہجہ کرخت نہ ہونا چاہیئے۔ نہایت نرمی اور لوچدارانہ طریق پر گفتگو کرنا چاہیئے اور نیم تبسم بھی آدابِ گفتگو کی رُوح ہیں۔

تعلّقاتِ عامّہ

انسان کو چاہیئے کہ حتّی الامکان لوگوں سے بگاڑ مول نہ لے لوگوں کی سخت باتوں کو برداشت کرے۔ تھوڑے بہت نقصان پر صبر کرے کیونکہ خدا ہر حال میں صابر کا ساتھ دیتا ہے۔ لین دین کے معاملہ میں انسان کو خوش معاملہ ہونا چاہیئے۔ اگر کسی سے قرض لے تو اُسے لوٹانے کا خیال رکھنا چاہیئے اور کبھی ایسے گناہ کا خیال بھی دل میں نہ آئے جن سے اہلِ تعلق کی عزت کا سوال ہو۔ لوگوں سے ہمیشہ صاف اور سچی بات کہے کیونکہ لپیٹ اور زمانہ سازی کی باتیں انسان کو ذلیل کر دیتی ہیں ہمیشہ مظلوم کی طرفداری کرے اور ظلم کے خلاف کمربستہ رہے خوشامد، چاپلوسی اور مطلب پرستی انسانی عزت کی دشمن ہیں۔ ان سے پرہیز کرے دیسے

بھی ہر سماج میں کاسہ لیسی اور چمچہ گیری کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔

جو انسان عداوت سے پرہیز کرے گا اور محبت اور رواداری کا چلن اختیار کرے گا دنیا اس کی گرویدہ ہو جائے گی۔ ہر دلعزیزی حاصل کرنے کا ہی نام فطری عمل تسخیر عالم ہے سب سے پہلے انسان کو خوش اخلاق اور لوگوں کی نگاہ میں اچھا بننے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

فرض کیجئے آپ ایک خوش اخلاق انسان ہیں۔ آپ کے اندر برداشت اور صبر کا مادہ اچھی طرح موجود ہے۔ کوئی شخص آپ کا بھاری نقصان کر دیتا ہے یا آپ کی شان میں گستاخی کر دیتا ہے اور آپ چونکہ ایک عالی ظرف انسان ہیں۔ لہٰذا اُسے مسکرا کر معاف کر دیتے ہیں۔ تو یہ سمجھ لیجئے کہ آپ کا دشمن آپ سے مات کھا گیا وہ دل میں شرمندہ ہے اور یہ سوچ رہا ہے کہ میں نے ناحق یہ برائی کی۔ یہ ہے اخلاق کی فتح۔ آپ کو ذرا بھی دقت نہ اٹھانی پڑی اور دشمن مات کھا گیا۔

عملیات کے فوائد و شرائط

سطور بالا میں دنیاوی طور پر تسخیر خلق کیلئے کچھ عام باتیں بتائی گئیں۔ اب ہم نقطۂ مقصود کی طرف آتے ہیں۔

چونکہ خداوند کریم سب سے بڑا داتا ہے۔ اور اس کے یہاں سے کوئی سوالی خالی نہیں پھرتا۔ اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ بندہ صدق دل سے اللہ پاک جل شانہٗ سے دعا مانگے اور وہ قبول نہ ہو۔

چونکہ ہر جگہ کے کچھ آداب ہوتے ہیں جیسے دنیا کی کسی معمولی عدالت میں آپ کو درخواست دینی ہے تو اس کیلئے قوانین کی پابندی ضرور ہوتی ہے ورنہ درخواست پر نظر نہیں ڈالی جاتی اسی طرح اللہ پاک کے یہاں بھی دعا مانگنے کیلئے کچھ قرائن ہیں ان پر عمل کرتے ہوئے دعائیں مانگی جائیں۔ تو ضرور مقبول بارگاہِ الٰہی ہوتی ہیں۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

جو مانگنے کا طریقہ ہے اُس طرح مانگو
درِ کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا

بعینہٖ یہی حال عملیات کا ہے کہ اگر عالموں کے بتائے ہوئے طریق پر عمل نہ کرتے ہوئے غلط طور پر عمل کئے گئے تو وہ بے اثر ثابت ہوتے ہیں اور پھر بیچارہ بیان کرنے والا یا پھر کتاب کا مؤلف مفت میں بدنام ہوجاتا ہے کہ ارے صاحب یہ عمل وَمل سب بنڈل ہیں۔ ان میں کچھ بھی نہیں۔ (نعوذباللہ) ایسے لوگ عمل کی طرف سے لوگوں کو بداعتقاد کرتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بہت سے ضرورت مند اس دولت لازوال سے محروم ہوجاتے ہیں۔

اس لئے عوام سے التماس ہے کہ وہ خاص ضرورت کے وقت ہی عمل کریں اور قوائد کی پابندی کریں ذیل میں عملیات کی شرائط پیش کی جاتی ہیں خصوصًا اس کتاب میں مندرجہ عملیات کیلئے ان شرائط کی پابندی لازمی ہے ورنہ میں پہلے کہے دیتا ہوں کہ عمل اثر نہ کرے گا۔

عملیات میں ان قواعد کی پابندی کی ضرورت

۱۔ عامل کو سچا مسلمان ہونا چاہیئے یعنی خدا اور رسولؐ اور اسلامی ارکان و قرآنی احکام کا پورا یقین اس کے دل میں ہونا چاہیئے

۲۔ ہر عمل کی تاثیر پر پورا یقین اس کے دِل میں ہونا چاہیئے۔ عامل شریعت کی اتباع کرتا ہو اور غلط کردار کا مالک نہ ہو۔

۳۔ ہر عمل کی تاثیر پر پورا یقین اور اعتقاد ہو تو عمل شروع کریں ورنہ نہیں عمل کے دوران شک و شبہ سے بالاتر رہنا ضروری ہے اور شیطانی وسواس کو قریب نہ آنے دینا چاہیئے۔

۴۔ عامل ہمیشہ پاک اور حلال روزی حاصل کرتا ہو۔

۵۔ عملیات کے دوران گوشت کا استعمال قطعی نہ کرے اور نہ ہی لہسن اور پیاز و ہینگ وغیرہ کا استعمال کرے۔

۶۔ عملیات میں ان اوقات کی پابندی ضروری ہے جیسے ایک رات کو دو گھنٹے کا ہے پہلے دن جیسے آٹھ سے دس بجے

تک پڑھا ہے تو دوسرے اور تمام دنوں میں انہیں اوقات پر پڑھنا چاہیئے۔

۷۔ عمل ہمیشہ سعد ساعتوں میں کرنا چاہیئے۔ اس مقصد کیلئے کسی مستند منجم کی بنائی ہوئی جنتری کو کام میں لانا چاہیئے۔

۸۔ عمل شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ شریف الحمد شریف آیۃ الکرسی سورۃ اخلاص شریف پڑھنا ضروری ہے اور ساتھ ہی عمل کی جگہ پر حصار کھینچنا بھی ضروری ہے۔

۹۔ عامل کو ستاروں اور برجوں کے بارے میں معلومات حاصل ہونی چاہیئے اور جس کا جو ستارہ ہو اس کے اعتبار سے عمل کرنا چاہیئے

۱۰۔ پاکیزگی جسم اور پاکیزگی لباس اور پاکیزگی خیالات کی سخت ضرورت ہے ورنہ عمل فائدہ نہ پہونچائے گا۔

۱۱۔ عمل کرتے وقت اچھی خوشبوؤں کا استعمال کرے اور خود عنبر، مشک، زعفران وغیرہ کی دھونیاں جلائے۔

ایک ضروری اطلاع

چونکہ ہر عمل کیلئے عامل اور استاد کی اجازت لازمی ہے لہٰذا اس کتاب میں میں نے جو عمل پیش کئے ہیں ان کیلئے عاملین اور استادوں نے عام خلق اللہ کو اجازت دیدی ہے

کیونکہ وہ عمل اثر نہیں کرتا جس کے عامل نے اجازت عمل نہ دی ہو اس لئے آئندہ کوئی بھی عمل کرتے وقت اس بات کا خیال ضروری ہے کہ عمل صاحب عمل کا عطا کردہ ہو۔ ورنہ مفت میں محنت برباد ہوتی ہے عقیدہ غلط ہوتا ہے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

حاکم یا بادشاہ کو مسخر کرنے کا عمل

جب چاند عروج پر ہو یعنی قمری مہینہ کا آغاز ہو تو مبارک ساعت دیکھ کر مندرجہ ذیل آیت شریف کو نئے کپڑے پر زعفران کی سیاہی سے تحریر کریں۔ اور اپنے لباس میں کسی مناسب جگہ پر موم جامہ کر کے ٹانک لیں جس حاکم یا بادشاہ کے سامنے جائیں گے وہ عزت سے پیش آئے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ سے وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ تک اس آیت کے تعویذ کے حامل سے عام لوگوں پر اس کا رعب و دبدبہ قائم ہوگا اور لوگ عزت کریں گے۔

مرتبہ و قدر منزلت حاصل کرنیکا عمل

نیک ساعت میں باوضو ہو کر اس آیت کو زعفران سے تحریر کریں اور اس تعویذ کو چاندی کی انگشتری میں منڈھوالیں۔ خدا کے فضل اور اس آیت کی برکت سے عزت اور رتبے میں اضافہ ہوگا۔ عوام میں ہر دلعزیزی بڑھے گی اور لوگ اس سے دوستی کرنے میں فخر

خیال کریں گے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

الٓمّٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ ۝

واضح ہو کہ استنجا کے وقت و نزدیکی کے وقت انگشتری اتار کر کسی پاک جگہ رکھ دیا کریں اور بعد فراغت پاکی حالت میں پہن کر گھر سے نکلا کریں۔

غصّہ ور حاکم کو مطیع کرنیکا مجرّب عمل

جمعہ کی رات کے اخیر وقت میں یعنی صبح صادق سے قبل اٹھ کر نہائیں اور پاکیزہ لباس زیب تن کریں اور آیت اذھن طائفتن سے العزیز الحکیم تک لکھیں۔ اور پھر نماز فجر سے طلوع آفتاب تک درود شریف وغیرہ پڑھتے رہیں۔ سورج نکلتے ہی دو رکعت نماز پڑھیں پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسری میں اٰمن الرسول سورت تک پڑھیں پھر سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، پڑھیں اور پھر وضو کر کے حاکم کے سامنے جائیں گے تو حاکم کیسا ہی سخت کیوں نہ ہو مطیع و فرماں بردار بن جائے اور آپ سے بڑی عزت و نرمی سے پیش آئے گا۔

خیال کریں گے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

الٓمّٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ ۝

واضح ہو کہ استنجا کے وقت و نزدیکی کے وقت انگشتری اتار کر کسی پاک جگہ رکھ دیا کریں اور بعد فراغت پاکی حالت میں پہن کر گھر سے نکلا کریں۔

غصّہ ور حاکم کو مطیع کرنیکا مجرّب عمل

جمعہ کی رات کے اخیر وقت میں یعنی صبح صادق سے قبل اٹھ کر نہائیں اور پاکیزہ لباس زیب تن کریں اور آیت اذھن طائفتن سے العزیز الحکیم تک لکھیں۔ اور پھر نماز فجر سے طلوع آفتاب تک درود شریف وغیرہ پڑھتے رہیں۔ سورج نکلتے ہی دو رکعت نماز پڑھیں پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسری میں اٰمن الرّسول سورت تک پڑھیں پھر سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، پڑھیں اور پھر وضو کر کے حاکم کے سامنے جائیں گے تو حاکم کیسا ہی سخت کیوں نہ ہو مطیع و فرماں بردار بن جائے اور آپ سے بڑی عزّت و نرمی سے پیش آئے گا۔

حاکم کو مسخر کرنے کا ایک اور آسان عمل

جسے حاکم سے ڈر لگتا ہو وہ سورۂ فاتحہ کا نقش گلے میں باندھ کر حاکم کے سامنے جائے تو حاکم دوست بن جائے اگر راج دربار میں حاضر ہو تو راجہ خود تعظیم سے بٹھائے گا۔ سورۂ فاتحہ کا روز پڑھنا بھی موجب خیر و برکت ہے

تمام خلق کے قلوب کی تسخیر کیلئے نقش

اگر آپ چاہیں کہ ساری دنیا آپ کی عزت کرے اور کہیں پر بھی ذلت و خواری نہ دیکھنی پڑے تو مندرجہ ذیل نقش کو گلے میں زعفران سے لکھ کر اور موم جامہ کر کے باندھ لیں۔ خدا نے چاہا تو ہر جگہ عزت ہوگی دل کی مراد بر آئے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۶	۳۷۹	۳۰۵
۳۷۸	۳۷۶	۳۷۱	۳۷۷
۳۶۸	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۰
۳۷۵	۳۶۹	۳۸۸	۳۸۰

بادشاہ و امراء کے قہر و غضب سے ڈر ہو تو

جس کا خوف ہو اس کا اور اس کی ماں کا نام ایک کاغذ پر لکھیں ساتھ

ہی یہ آیت مقدسہ ثم قست قلوبکم سے تعلمون تک زعفران سے لکھیں اور کسی پہاڑ کی چوٹی پر دفن کریں انشاء اللہ حاکم کی زور آوری ختم ہو جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

ایضاً سورۂ فاتحہ کو دوبارہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کو منہ پر چھڑک لیں اور حاکم کے سامنے جائیں انشاء اللہ حاکم مطیع و مسخر ہو جائے گا یاد رہے کہ پانی چھڑکتے وقت پاکیزگی جسم ضروری ہے باوضو ہوں تو اور اچھا ہے۔

حاکم کو مہربان کرنے کا تعویذ

حاکم کے سامنے جانے سے پہلے مندرجہ ذیل نقش زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں یا پگڑی ٹوپی وغیرہ میں رکھ لیں اور پھر اس کے پاس جائیں تو وہ خدا نے چاہا تو آپ کے حسبِ منشاء کام کریگا۔

نقش مبارک برائے تسخیر حاکم

۶۵۹	۶۵۴	۶۶۱
۶۶۰	۶۵۸	۶۵۶
۶۵۵	۶۶۲	۶۵۷

نوکری سے معطل ہو جانے پر

بحالی کیلئے اس نقش کا تعویذ اپنے پاس رکھے۔ خدا نے چاہا تو انشاء

یا مالکان کے دل آپ کی طرف سے بہتر ہوجائیں گے۔ اگر کوئی اپنے عہدہ سے معزول ہوگیا تو مندرجہ ذیل نقش کو تعویذ بناکر پاس رکھے خدا نے چاہا تو منصب بر آئے گا۔ کھوئی ہوئی جاہ مرتبت حاصل ہوگی اور دنیا میں عزت بڑھے گی۔ دشمن ذلیل وخوار ہوں گے۔

نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

دشمنوں سے محفوظ رہنے
اور اُن کو تباہ کرنیکے عمل

یہ عمل جب ہی کرنے چاہئیں کہ جب دشمن حد درجہ درپے آزار ہوجائے اور اس کے سوا کوئی صورت نہ ہو کہ دشمن کو تباہ و برباد کردیا جائے جبھی ان اعمال کو کام میں لائیں حتی الامکان صبر سے کام لیں اور خداوند کریم سے ہر نماز کے بعد اس سے محفوظ رہنے کی دعائیں مانگا کریں۔ خدائے برتر نہایت عظیم منصف ہے اور وہ بیشک ظالم سے ظلم کا بدلہ لینے والا ہے اس لئے معاملہ خدا پر چھوڑ دینا ہی سب سے اولیٰ ہے

پھر بھی اگر دشمن نے جینا دوبھر کر دیا ہو اور زندگی وبال جان کر دی ہو تو پھر اس مقصد کیلئے ذیل میں کچھ سریع التاثیر عمل درج کئے جا رہے ہیں

دشمن کو ہلاک کر دینے والا عمل

نقش سورۂ تبت یدا کو ایک نئی اینٹ پر تحریر کر دیں اور پھر اس میں نقش کے نیچے لکھیں۔

دشمن کا نام اور اس کے باپ یا ماں کا نام، یہ سب لکھ چکنے کے بعد اس اینٹ کو کسی کنوئیں میں ڈال دیں انشاء اللہ دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

نقش سورۂ تبت یدا شریف یہ ہے

۷۸۶

۱۵۲۳	۱۵۳۷	۱۵۲۳	۱۵۲۰
۱۵۳۵	۱۵۲۹	۱۵۲۴	۱۵۲۶
۱۵۲۵	۱۵۲۲	۱۵۲۱	۱۵۲۰
۱۵۲۸	۱۵۲۶	۱۵۲۷	۱۵۲۶

واضح ہو کہ جب سخت مشکل درپیش ہو یہ عمل کرنا چاہیئے جہاں تک ہو سکے معافی سب سے بہتر ہے۔

دشمن کو جان سے مار دینے والا دوسرا عمل

یہ عمل اس خصوصیت کا حامل ہے کہ عامل جس بیماری کو سوچ

کر عمل کرے اسی میں دشمن کی جان جائے گی۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ دو فرقوں کے درمیان بیٹھ کر اکیس دن یہ الفاظ روز روز سو سو بار پڑھیں الفاظ یہ ہیں۔

یاقاھر ذی البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ

یاقاھر

دشمنی کو دوستی میں بدل دینے والے نقش عظیم

مندرجہ ذیل نقش کو باندھ کر پاک وصاف ہو کر دشمن کے سامنے جائیں انشاء اللہ دشمن مہربان اور دوست بن جائے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

ایضاً

اگر کوئی شخص بہت ناراض ہو تو اس کو راضی کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش موم جامہ کر کے بازو میں باندھ لیں۔ انشاء اللہ ناراضی اور دشمنی دوستی اور محبت میں تبدیل ہو جائے گی۔

واضح ہو کہ تعویذ لکھتے وقت جلال کا وقت نہ ہو اور نہ ہی

تعویذ لکھنے والے کے بدن میں کسی قسم کی نجاست ہو مکمل طہارت ہونی ضروری ہے۔ نقش مبارک ملاحظہ فرمائیے۔

۷۸۶

۱۹	۳ ۴	۵ ۴	۷ لا	۱۹
۷ لا	۹ ط	۱۹	۳ ۴	۷ ھی
۳ ز	۵ ۴	۷ لا	۹ ط	۱۹
۹ ط	۱۹	۳ ز	۵ ۴	۷ لا
۵ ۴	۱ لا	۹ ط	۱۹	۳ ص

اجب یاجبرائیل : اجب یامیکائیل . اجب یااسرافیل
اجب یاعزرائیل

دشمنوں میں عداوت کرانے کے عمل

یہ عمل بھی کرنے چاہئیں جب کہ بیحد مجبور ہو۔ بلاوجہ کسی کو ستانا بہت بڑا گناہ ہے لہٰذا سخت ضرورت پر ہی ان اعمال کو کرنا چاہیئے۔

عداوت کا آسان عمل

اگر دو آدمیوں میں باہمی طور پر عداوت کرانی ہو تو لفظ ف کو اس طرح دائرے کے اندر لکھ دیں ف

یہ نقش اندرائن کے پتے پر زعفران سے لکھا جائے گا۔ لکھ لینے کے بعد اسے جن کے درمیان عداوت کرانی ہو ایک ایک نقش ان کے گھروں میں ڈال دیں۔ خدا نے چاہا تو دونوں خواہ کتنے گہرے دوست ہوں گے دشمن بن جائیں گے۔

عداوت کا دوسرا عمل

مندرجہ ذیل نقش کو نحس ساعت میں تانبے کے پترے پر کندہ کر کے آگ میں دفن کریں اور روزانہ اس نقش کو طرفین کے نام لے کر آگ میں جلایا کریں۔ مجرب عمل ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۲۵	۱۲	۱۲	بدوح
۱۳	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵ اللہ	۹	۳
۱۰	۴	۲۲	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴ عداوت فلاں بن فلاں

اس خانے میں فریقین کے نام لکھیں

عداوت اور جدائی کا خاص تعویذ

عداوت کرانے کیلئے اس نقش کو زحل (سنیچر کی ساعتوں) میں لکھیں اور منگل کے دن کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ نقش یہ ہے

یا قاھر	ذی البطش	الشدید	انت الذین
ذی البطش	الشدید	انت الذی	لا یطاق
الشدید	انت الذی	لا یطاق	انتقام
انت الذی	لا یطاق	انتقام	یا قاھر

فلاں بن فلاں
فریق کا نام مع ولدیت

فلاں بن فلاں
فریق کا نام مع ولدیت

بدگو دشمن اپنی طرف پھر جائے

اگر کسی بدگو دشمن سے بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہو وہ اپنی جگہ ناحق برائی کرتا پھرتا ہو تو بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار پڑھے (یہی اعداد شریف کے ہیں)۔ اور ہر دہائی کے بعد درمیان میں یہ الفاظ کہیں۔

عقدت اللسان — فلاں بن فلاں
تو انشاء اللہ تعالیٰ — دشمن کا نام مع ولدیت

وہ دشمن آپ کی برائی بند کر دیگا اور آپ کی اچھائیاں بیان کرنا شروع کر دے گا۔ آپ کی برائی کیلئے قدرتاً اس کی زبان بند ہو جائے گی۔

دشمن کو کبھی نیند نہ آئے

مندرجہ ذیل نقش کو جب چاند جوزا کے برج میں ہو، اجتری دیکھ لیں۔ ایک کچی اینٹ پر تحریر کریں اور ایک نئی کیل لے کر اس تعویذ میں ٹھونکیں جب تک وہ کیل نصب رہے گی دشمن کو بد خوابی کی شکایت رہے گی اور جب وہ کیل نکال لی جائے گی تو یہ شکایت دور ہو جاتی ہے۔

تعویذ یہ ہے

۲۳۸	۲۴۳	۲۳۶
۲۳۷	۲۳۹	۲۴۱
۲۴۲	۲۳۵	۲۴۰

مگر یہ بات خاص طور پر یاد رکھنی چاہیئے کہ بلا وجہ کسی کو تنگ کرنا بہت برا ہے

میاں بیوی میں محبت بڑھانے والے

اگر کسی عورت کا شوہر اس سے محبت نہ کرتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش دو عدد زعفران اور مشک سے لکھ کر ایک شوہر کے سرہانے رکھ دیا کرے اور دوسرا عورت کے بازو میں باندھا رہے۔ خدا نے چاہا تو دونوں میں محبت ہو جائے گی۔

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

Scanned by CamScanner

حُبّ زوجین کیلئے دوسرا عمل

اس نقش کو لکھ کر کسی درخت یا ہوا دار رستوں میں لٹکا دیں تو انشاء اللہ دونوں میاں بیوی ایک دوسرے کیلئے گرویدہ ہو جاویں گے۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱	۶	بحب فلاں بن فلاں	۷۱۶
۳	۵	۷	علی حب فلاں	۲۵۷
۴	۹	۲	بن فلاں ۹۳	۴۸

زوجین میں محبّت پیدا کرنیوالی آیت

مندرجہ ذیل آیت کو کسی میٹھی چیز یا شربت دپانی میں سات بار پڑھ کر دم کریں اور دونوں کو پلائیں۔ خدا نے چاہا تو میاں بیوی اس قدر محبت کرنے لگیں گے کہ ان کی محبت دنیا کیلئے مثال بن جائے گی اور پھر ان دونوں میں کبھی عداوت نہ ہوگی۔ آیت شریف یہ ہے۔

لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم ہ جب تک دونوں میں محبت قائم نہ ہو برابر اس دعا کو پڑھے جائیں اور دونوں کو پلائیں جائیں حتیٰ کہ چالیس دن تک یہ عمل متواتر کیا جائے۔

دِلوں کا حال بتانیوالا عمل

اس عمل کے کرنے سے پہلے ہُدہُد کی کھال مہیّا کرنی چاہیئے جب کھال مل جائے تو اذا زلزلت کی پوری سورہ اس کھال پر تحریر کریں۔ اگر کھال پر لکھنا ممکن نہ ہو تو کسی کاغذ پر لکھیں اور اسے کھال میں لپیٹ لیں۔ اب اس تعویذ کو جس کے بھی سینے میں سوتے وقت رکھ دیں گے وہ سوتے میں ہی اپنے دل کے حالات بیان کر دے گا۔ خاص ضرورت کے وقت ہی اس عمل کو کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ کیونکہ اس سے فتنے پیدا ہو سکتے ہیں۔

میاں بیوی میں محبّت کیلئے آسان نقش

جن میاں بیوی میں محبت نہیں ہوتی ان کی زندگی اجیرن بن جاتی ہے ایسے بدنصیب جوڑوں کیلئے ذیل میں تعویذ درج کیا جارہا ہے جو ہزاروں بار لوگوں نے آزمایا ہے۔

نوچندی اتوار (سنڈے) کو یہ نقش زعفران سے تحریر کریں اور عورت کے بائیں بازو میں باندھیں تو شوہر کا دل قدرتاً عورت کی طرف مائل ہوگا اور بیوی کیلئے بے تابانہ جہاں بھی ہوگا دوڑا آئے گا۔ نقش اس طرح تحریر کیا جائے گا۔

ع	۹	۲	۵
ط	ع	ن	د
ا	۲	ن	۵۲
نام شوہر	نام والدہ شوہر	نام بیوی	نام والدہ بیوی

حُبِّ زوجین کیلئے آسان عمل

یہ عمل کوئی بھی کسی وقت میں کر سکتا ہے صرف پاکی و طہارت کا خیال رکھا جائے۔ مندرجہ ذیل آیت کو زعفران سے کوئی بھی تحریر کرے اور اس آیت کے اوپر عورت اور مرد کے نام مع ان کی والدہ کے تحریر کر دیں۔ اور کسی پھل دار درخت کے نیچے دفن کر دیں۔ خدا نے چاہا تو دونوں کے دِل مِل جائیں گے اور پھر انہیں دنیا کی کوئی طاقت ایک دُوسرے سے جدا نہ کر سکے گی۔

اتوار یا پیر کو طلوع آفتاب سے پیشتر یہ عمل کریں۔

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یَا حَبِیْبُ یَا حَبِیْبُ بِحَقِّ یَا بَدُّوْحُ بَدُّوْحُ الْحُبَّ نام شوہر اور مادر شوہر علیٰ حب زوجہ مادر زوجہ۔

جس گھر میں روزانہ میاں بیوی لڑتے ہوں

وہ گھر جہنم ہے

جن میاں بیوی میں روزانہ کھٹ پٹ ہوتی ہو ان کا گھر واقعی دوزخ بن جاتا ہے۔ ایسے بدنصیب جوڑے کیلئے ہم ذیل میں ایک مجرب عمل درج کر رہے ہیں۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کسی سخت شیرینی میں زعفران سے ذیل کی آیت تحریر کریں اور کسی نیک ساعت میں دونوں کو اس شیرینی کے ٹکڑے کھلائیں تو دونوں کی لڑائی بند ہو جاتی ہے

ونزعنا ما فی صدورھم من غل تجری من تحتھا الانھر وقالوا الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ لقد جاء رسل ربنا بالحق ونودوا ان تلکم الجنۃ اورثتموھا بما کنتم تعلمون۔

جن لوگوں میں آپس میں برابر لڑائی رہتی ہے ان کے بڑے یا بزرگ کو چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد درود شریف کا ورد کیا کریں اور اللہ پاک سے حضور سرور کائنات ﷺ کا وسیلہ دیکر دعا مانگتے رہنا چاہیئے کہ اللہ اپنی رحمت سے آپس کی شکر رنجی دور فرمائے۔ (آمین)

عشق و محبت میں کامیابی کے عملیات

عمل سے پیشتر ھدایات

اس میں کوئی شک نہیں کہ عشق ایک ایسی آگ ہے جو لگائے نہیں لگتی۔ اور پھر بجھائے نہیں بجھتی۔ عشق ہی ایک ایسی بیماری ہے جس کا علاج سوائے وصال محبوب کے دوسرا نہیں۔ بزرگان دین نے ایسے ہی محبت کے ماروں کیلئے کچھ عملیات عطا فرمائے ہیں۔ جو آج بھی تیر بہدف ہیں۔ مگر عام طور سے لوگ انہیں محض ہوس اور حرص کیلئے استعمال کرنے لگے۔ واضح ہو کہ جہاں حرام اور نقلی عشق کا معاملہ ہوگا عمل اثر نہ کرے گا۔ لہٰذا اس قسم کا رجحان رکھنے والے جو لالچی لوگ ہیں۔ ان کی محنت برباد ہو جانے والی ہے اور ایک عظیم گناہ کے مرتکب ہوں گے۔

ہاں ایسے لوگ جو حقیقتاً کسی سے محبت کرتے ہیں اور دنیاوی جاہ و حشمت وغیرہ کی وجوہات سے معشوق کی طرف التفات نہیں کرتے اور ادھر ہجر میں عاشق کی جان جانے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں عملیات کی اجازت دی گئی ہے۔ مگر اس کیلئے بھی قید لگا دی گئی ہے کہ جب عمل کامیاب ہو جائے اور دونوں طرف آگ برابر بھڑک اٹھے تو بغیر نکاح شرعی نہ ملیں۔ ورنہ ابلیس لعین تو ایسے موقعوں کی تلاش میں رہتا ہے۔ لہٰذا جب بھی عمل

کامیاب ثابت ہو تو عاشق معشوق کو آپس میں رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوجانا چاہیئے۔ ورنہ دین و دنیا دونوں میں بدنامی اور رسوائی ہوگی۔

جو لوگ "تو نہ سہی اور سہی اور نہیں اور سہی" پر ایمان رکھتے ہوں ان سے میری گذارش ہے کہ وہ اس کتاب میں درج کسی بھی عمل کو ہاتھ نہ لگائیں کیونکہ ان سے وہ گناہ میں گرفتار ہوں گے اور اُس کی برائی "مولف" پر بھی عائد ہوگی۔

محبّت کرنے والوں سے دو باتیں

یہ تو ایک فطری عمل ہے کہ محبت کی نہیں جاتی بلکہ خود بخود ہوجاتی ہے۔ مگر جہاں تک عقل سلیم کا تقاضا ہے محبت میں بھی عقل کی صلاح لینی ضروری ہے اور خواہ مخواہ ایسے مقامات پر دل نہیں پھینکنا چاہیئے کہ زمین و آسمان والا معاملہ ہو محبّت ہمیشہ برابر کامیاب رہتی ہے۔ کبھی آسمان پر اُڑنے کی کوشش نہ کرو ورنہ زمین پر گر جاؤ گے۔ دنیا کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں بے جوڑ عشق ہمیشہ ناکام ہوئے ہیں اور ایسے عاشقوں کا انجام عبرتناک ہوا ہے اس لئے میں تو یہی مشورہ دوں گا کہ کم از کم دل کو مضبوط رکھیں۔ کیونکہ آج کل سینما اور فیشن کے عریاں دور میں ہر شخص دل کو ہاتھوں میں لئے پھرتا ہے۔ جہاں کوئی چہرہ دیکھا مر مٹے ایسے لوگوں کو شاید یہ نہیں معلوم کہ زنا کتنی قسم کے ہوتے ہیں۔ آنکھ

کا زنا بھی ایک زنا ہوتا ہے۔ نظارہ بازی بھی ایک جرم ہے بلکہ (گناہ ہے) ایسے لعنتی دور میں دل کو سنبھالے رہنا نہایت بلند کرداری اور سعادت کی علامت ہے۔ ع

دل بدست آور کہ حج اکبر ست

لیکن بسیار کوشش کے باوجود محبت ہو ہی جاتی ہے تو پھر بجائے دُنیاوی ہتھکنڈے اختیار کرنے کے خدا کی طرف رجوع ہو جائے خدا کے عشق حقیقی میں مجازی محبوب کو بھول جانے کی کوشش کیجئے اور پھر بھی دنیاوی محبوب کی محبت غالب آئے تو اللہ سے وصال کی دُعا مانگئے اور بزرگان دین کے بتائے ہوئے عملیات کو کام میں لائیے اللہ آپ پر اپنا رحم و فضل کرے۔

محبت میں کامیابی کیلئے چند مجرب دعائیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ۷۸۶ بار پڑھ کر پانی یا شربت میں دم کر کے مطلوب کو نوش کرائیں تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے محبوب بیقرار ہو کر طالب کے پاس دوڑ کر آئے گا۔

چنے کے چالیس دانوں میں سورۂ زلزال پڑھ کر دم کریں اور پھر انہیں مطلوب کا نام لیکر آگ میں ڈال دیں اور اس وقت آپ منہ میں شیرینی ڈال لیں، اگر تین دن میں تاثیر نہ ہو تو آخیر ہفتہ تک روزانہ یہی عمل کرتے رہیں۔ خدا نے چاہا تو کامیابی ہوگی۔

بادام کا مغز لے کر دانوں پر ایک میں لفظ کوّ اور دوسرے پر ذفرّ لکھ کر محبوب کو کھلائیں تو خدا کے فضل وکرم سے کیسا ہی منگدل کیوں نہ ہو طالب کے عشق میں بے قرار و بیتاب ہو جائے مگر کھلانے سے مندرجہ ذیل دعا سات یا پانچ بار پڑھ کر دونوں دانوں پر دم کریں اور دانوں پر مندرجہ بالا الفاظ سیاہی سے نہ لکھیں کسی دھار دار چیز کی نوک سے کندہ کریں۔ دعا اس طرح ہے۔

یامَلعْیثاً . یانُورانیۃً ۔ حرکوالرّحانیۃ السَّاکَنِۃِ طبع من کل کریحب من اکُلِّ ذفرٍالوحا الوما

العجل ، العجل ، العجل

متواتر کئی بار اس طرح کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو پھر عامل کو اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچنا چاہیئے کہ آیا وہ عمل بالکل درست نیت کے تحت کر بھی رہا ہے یا نہیں یاد رکھئے اگر عامل کے دل میں نیت حرام کی ہوگی عمل بے مقصد ثابت ہوگا

تسخیر محبُوبہ کیلئے خاص عمل

عاملین نے اس دعا کیلئے صرف مردوں کو عورتوں کیلئے استعمال کرنے کی اجازت عطا فرمائی ہے اس لئے اس دعا کو عورتیں مردوں کیلئے ہرگز استعمال نہ کریں۔ اور اس لڑکی کیلئے دعا کا استعمال نہ کیا جائے۔ جس سے شادی

کرنی مقصود نہ ہو ورنہ ایک تو عمل اثر نہ کرسکے گا دوسرے عامل گناہ گار ہوگا۔

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نمازی و پرہیز گار نوجوان اگر کسی لڑکی سے شادی کرنی چاہے اور لڑکی اس کی طرف ملتفت نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ مندرجہ ذیل آیت شریف بعد نماز عشاء کسی تنہا اور پاک مقام پر بیٹھ کر اس طرح سو بار پڑھے کہ اول و آخر اکیس مرتبہ درود شریف بھی پڑھی جائے یہ عمل اکیس دن متواتر کیا جائے۔ خداوند کریم کی مہربانیوں سے بائیسویں دن محبوبہ اس کے قدموں میں ہوگی۔ اور اس کو اس قدر بے قراری ہوگی کہ گناہ تک سے احتراز نہ کریگی۔ ایسے نازک وقت میں حامل طالب کا یہ فرض ہوجاتا ہے کہ وہ اپنے کو حدودِ شریعت میں رکھتے ہوئے مطلوبہ کو پاکیزگی کردار کی تعلیم دے اور اسے کہے کہ میں تو ہمیشہ کا ملاپ چاہتا ہوں کیونکہ یہ عارضی وصل بے فیض ہے اور یہ کہ اس طرح دین و دنیا میں رسوائیاں ہیں۔

جب مطلب حل ہوجائے تو عامل کو چاہیئے کہ شیرینی پر حضرت پیران پیر دستگیرؒ کی نیاز دے اور قرآن مجید کی سورتوں کا ثواب جناب غوثِ اعظمؒ کی روحِ پاک کو بخشے اور پھر خدا وندِ کریم سے ساری دنیا کے دکھے دل لوگوں کی مرادیں پوری کرنے کی دعائیں مانگے۔

اور شکریہ کا دوگانہ ادا کرے۔

آیت شریف یہ ہے۔ بہ نستعین اللّٰھم اجعلنی محبوبً فی قلبی بحق یا بدّوح یا بدّوح یا بدّوح

سورۂ یٰسین شریف کا عمل برائے تسخیر محبوب

ذیل میں جو عمل بیان کیا جائے گا واضح ہو کہ ہزارہا بار کا آزمایا ہوا ہے اور چونکہ قرآن برحق ہے اس کی تاثیر برحق ہے تو اس کا عمل کا بھی اثر برحق ہے عامل کو چاہیئے کہ وہ خدا اور اس کے کلام پر پورا بھروسہ رکھتے ہوئے ہی عمل شروع کرے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعہ کو (کسی معقول جنتری جیسے اسلامی محمدی بڑی تقویم وغیرہ سے دیکھ کر) کسی نیک ساعت میں کوئی شیرینی جیسے برفی وغیرہ سامنے رکھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کریں اور اس طرح کہ جب لفظ مبین آئے تلاوت روک کر سو بار لفظ مبین پڑھا جائے سو بار پڑھنے کے بعد آگے تلاوت کی جائے۔ اور جب لفظ مبین آئے تلاوت روک کر حسب سابق مبین سو بار پڑھا جائے اور اسی طرح سورۂ یٰسین تمام کرے۔

اب اس شیرینی کو کسی بھی ترکیب سے مطلوبہ یا مطلوب (اس عمل میں کوئی قید نہیں، عورت مرد دونوں اپنے محبوبین کیلئے عمل کر سکتے ہیں۔)

کو کھلا دیں اور پھر کلام ربانی کا اعجاز ملاحظہ فرمائیں۔

آیۃ الکرسی شریف کا مجرب عمل محبت

آیۃ الکرسی شریف کا یہ عمل بے حد پر تاثیر اور زود اثر ثابت ہوا ہے اور اس کا طریقہ بھی آسان اور سیدھا سادہ ہے پاک صاف اور باوضو ہو کر آیۃ الکرسی ایک بار پڑھیں۔

اور انگلی بند کریں ایک بار پڑھیں اور دوسری انگلی بند کریں۔ اس طرح دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند ہونی چاہئیں۔ لیکن آیۃ الکرسی پڑھتے وقت یَشْفَعُ عِنْدَہٗ کے الفاظ کے دوران محبوب کا تصور قائم ہو۔ جب مٹھیاں مکمل ہو جائیں تو سورۃ الم نشرح سورۃ اخلاص اور درود شریف تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف دم کریں۔ ایک بار الحمد شریف پڑھیں اور ایک انگلی کھولیں اسی طرح دسوں انگلیاں کھولیں۔ اب دونوں ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر مسح کریں۔ خدا نے چاہا تو مطلوبہ سر کے بل حاضر ہو گی۔

سورۃ فاتحہ کی اس آیت کا مجرب عمل

اگر جائز مقاصد کی تکمیل کیلئے یہ عمل کیا جائے تو بلاشبہ اکسیر ہے اس عمل نے ہزارہا دلوں کی مرادیں پوری کی ہیں اس عمل کی تخصیص یہ ہے کہ کیسا ہی سنگدل محبوب کیوں نہ ہو۔ ع

کچے دھاگے سے بندھے آئیں گے سرکار چلے

کے مصداق فوراً مسخر ہو جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اہل ہنود کے تیوہار ہولی کی رات کو ہولی کی آگ کے پاس بیٹھ کر قلم دوات کاغذ کے پاس رکھیں اور آیت اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کو پڑھتے بھی رہیں کاغذ پر تھوڑا تھوڑا فاصلہ چھوڑ کر لکھتے بھی رہیں۔ تاکہ الگ الگ پرزے ہو سکیں یہ عمل جتنی دیر تک آپ آسانی سے کر سکیں کرتے رہیں۔ اب ان پرزوں کو الگ الگ کر کے حفاظت سے رکھ دیں اور بوقت ضرورت ایک پرزے کو تعویذ بنا کر ساتھ رکھا کریں۔ اور دوسرا تعویذ نکالنے سے پیشتر پہلے کو کسی ندی یا کنوئیں میں ڈال دیا کریں۔ خدا نے چاہا تو مطلوب حاصل ہوگا۔

تسخیر محبوب کیلئے عمل خاص

یہ عمل خواب بندی کا ہے۔ یعنی عمل کے دوران آپ کے محبوب کی نیند حرام ہو جائے گی اور اس کا دل آپ کی محبت میں بے قرار ہوگا۔ اور دلی مراد بر آئے گی۔ مجرب اور بے خطا عمل ہے۔ اس کا طریقہ بھی نہایت آسان ہے مندرجہ ذیل عبارت اس طرح ایک سفید کاغذ پر لکھیں کہ املا کی غلطی ذرا سی نہ ہونے پائے۔ اور عبارت میں فلاں بن علی حب فلاں بن فلاں پر عامل اپنا نام اور اپنے والد یا والدہ کا نام اور مطلوب کا نام مع اس کے والد یا والدہ کے نام کے ساتھ ضرور لکھے۔

اور پھر اس کاغذ کو پاک زمین پر رکھ کر لوہے کی گھونٹی اس

کاغذ پر رکھ کر گاڑ دیں۔ گاڑنے کا طریقہ یہ ہے کہ تعویذ کو خوب کس کے چھوٹی سی گڈی کی شکل بنالیں، اوپر سے لوہے کی کھونٹی رکھ کر چوٹ ماریں۔ تو وہ تعویذ بھی کھونٹی کے ساتھ زمین کے اندر چلا جائے گا۔ اس کے بعد اس سوراخ کو چوراہے کی مٹی سے بھر دیں۔ اور پھر خدا کی قدرت کا انتظار کریں کہ وہ پردۂ غیب سے کیا گل کھلاتا ہے۔ وہ مقدس عبارت یہ ہے۔

عقدت نوم فلاں بن فلاں بحق الحمد للہ رب العلمین عقدت راسیة بحق الرحمن الرحیم عقدت مشعرہ بحق الرحیم عقدت بحق مالک یوم الدین عقدت اذنہ بحق ایاک نعبد وعقدت لسانہ بحق ایاک نستعین عقدت وجہ بحق اھدنا الصراط المستقیم عقدت یدیہ بحق صراط الذین عقدت قلیہ بحق انعمت علیھم عقدت ساقة ولا الضالین عقدت وحبیبہ بحق امین عقدت قرارہ وسکونہ باللہ بحکم اللہ وعزوجل بہ عقدت النوم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

محبوب کا دل جیتنے کیلئے بے نظیر فلیتہ

یوں تو مثل مشہور ہے کہ جنگ اور محبت میں سب کچھ جائز ہے مگر مذہبی اور روحانی معاملوں میں اس قسم کی تاویلیں

نہیں تراشی جاسکتیں اگر کوئی شخص سچی محبت کرتا ہے اور اس کی محبت دنیاوی فروعات سے بالاتر ہے اور اپنے محبوب سے شرعًا وصال دائمی کی تمنا رکھتا ہے تو ایسے لوگوں کیلئے ذیل میں حضرت محبوب سبحانیؒ کا عطیہ یہ فلیتہ دیا جائے جو سچائی پر فورًا اثر کرتا ہے مگر حرام کیلئے اس میں ذرا بھی اثر نہیں ہے۔

مندرجہ ذیل نقش کو زعفران سے ایک پاکیزہ کاغذ پر کسی نیک ساعت میں تحریر کریں اور نقش کو روغن کجد میں بتی بنا کر فلیتہ کریں اور چراغ اس طرح رکھیں کہ لو چراغ کی محبوب کی سمت ہو اور بسم اللہ کہہ کر فلیتے کو روشن کردیں اور جب بجھ جائے تو مؤلفین فرماتے ہیں کہ اسی وقت کچھ شیرینی پر حضرت محبوب سبحانیؒ اور شاہ عبدالصمدؒ اور حضرت شاہ عبدالواحدؒ کی فاتحہ دیکر خدائے پاک سے ان بزرگوں کا واسطہ دیکر دعا مانگیں کہ الٰہی میرے محبوب کا وصال عطا کر میری دل کی مراد پوری کردے۔

فلیتے کا نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نام مطلوب مع ولدیت

نام طالب مع ولدیت

تسخیر محبوب کیلئے دوسرا فلیتہ

۷۸۶

۳۵۲۱	۳۵۱۸	۳۵۱۵
۳۵۱۶	نام محبوب	۳۵۲۰
۳۵۱۹	۳۵۲۲	۳۵۱۷

مندرجہ بالا نقش کو نیک ساعت اور عروج ماہ قمری یعنی چاند کی ان تاریخوں میں جب چاند بڑھ رہا ہو یعنی چودھویں سے چند روز قبل کی تاریخوں میں ہی اس نقش کو لکھنا چاہیئے اور پھر جب لکھ لیں تو روغن چنبیلی کا ایک چراغ بنائیں چراغ کوری پیالی کا ہو اور بعد نماز عشاء روزانہ کیا کریں۔

بے قراریِ محبوب کیلئے مجرب فلیتہ

مندرجہ ذیل نقش کو جمعرات کے دن زعفران سے تحریر کریں اور تعویذ کو بغیر تیل کے جلا دیں۔ جلاتے وقت فلیتے کے پاس گائے کا تھوڑا سا دودھ بھی ایک پیالی میں رکھ دیں نقش اعظم یہ ہے۔

۷۸۶

فلاں بن فلاں
طالب کا نام مع ولدیت

فلاں بن فلاں
مطلوب کا نام مع ولدیت

اس فلیتے کو کم از کم سات دن تک متواتر جلایا جائے خدا نے چاہا تو کامیابی حاصل ہوگی۔

شربت میں گھول کر پلا دینے والا مجرب نقش

اگر سچی محبت ہو اور کسی طرح معشوق سنگدل التفات نہ کرتا ہو۔ ایسے لوگوں کے لئے ہم ایک سلیمانی تعویذ یہاں درج کرتے ہیں عقیدہ شرط ہے۔ خدا نے چاہا تو محبوب بے دام غلام بن جائے گا، نقش اعظم یہ ہے۔

۹	۱۶	۱۵	۲
۱۴	۳	۸	۱۳
۴	۱۷	۱۰	۷
۱۱	۶	۵	۱۶

اس تعویذ کو نیک ساعت میں چاندنی رات میں زعفران سے پاک کاغذ پر باوضو ہوکر لکھیں اور پھر جس طرح ممکن ہو یہ تعویذ شربت میں دھوکر محبوب کو پلایا جائے تو محبوب بے قراری الفت سے دیوانہ ہو جائے گا۔

مجرب عمل ہے اور اب تک ہزارہا لوگوں نے آزمایا ہے۔ مگر وہی یعنی پرانی شرط ہے کہ عامل ان عملیات کے دوران خاص طور سے ترک حیوانات گوشت سے پرہیز کچی پیاز، لہسن، اور دوسری بدبو

دار چیزیں کھانا اور جھوٹ و غیبت اور دوسری برائیوں سے پرہیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر پرہیزگاری اور تقویٰ کی کمی ہوگی۔ عمل درست نہ ہوگا۔ آج کل جو عملیات اثر نہیں کرتے اس کی خاص وجہ یہی ہے کہ دینداری اور شریعت کو بالائے طاق رکھتے ہیں۔ بس مطلب پرستی کے بندے بن گئے۔ اب اگر عمل اثر نہیں کرتے تو عمل کی کیا تقصیر مگر لوگ اکثر یہ کہتے نظر آتے ہیں۔ اجی کیا رکھا ہے ان واہیات باتوں میں یہ لوگ در اصل مادہ پرست ہوتے ہیں۔ اور روحانیت سے ان کو کوئی علاقہ نہیں ہے۔ ابھی ہم جو عمل بیان کر رہے ہیں۔ وہ قرآنی عملیات ہیں اور قرآنی عملیات سے بغیر سچے مسلمان بنے کوئی بھی فائدہ نہیں اٹھا سکتا اگر اٹھائے گا تو یہ اللہ کی رحمت ہوگی اور اللہ کی رحمت پاکر بھی کوئی دین حق اور شریعت کا پابند نہ ہو تو اس کی بدنصیبی ہے اور اس کتاب کے آخر میں ہم کچھ طلسم یعنی جادوگری کے ذریعے محبوب کا دل جیتنے کے طریقے بیان کریں گے۔ اگرچہ طلسمات پر یقین رکھنا شریعت کے سراسر منافی ہے مگر میں اس لئے درج کر رہا ہوں کہ مادی مشینی دماغ والے روشن خیال حضرات کو بتاؤں کہ جب ان شیطانی افعال و جادو طلسم وغیرہ میں اثر موجود ہے تو پھر کلام اللہ کیسے بے اثر ثابت ہو سکتا ہے چونکہ طلسمات میں شریعت کے حقوق کی کوئی پابندی نہیں ہے اس لئے کسی بھی عقیدے کا آدمی ان کو آزما سکتا ہے۔

ایک بے حد آسان عمل محبت

کسی بھی نیک ساعت میں اتوار کے دن مندرجہ ذیل نقش کورے مٹی کے برتن میں تحریر کریں اور جلتی ہوئی آگ میں ڈال دیں محبت کیلئے بے حد مجرب ہے۔

نقش شریف یہ ہے

۷۸۶

۵۱۷۵۸۱۱

ک م ک

طالب کا نام مع اس کی والدہ علی حب مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام

شربت محبت کے خاص نقش

نیک ساعت میں عروج ماہ میں مشک و زعفران سے مندرجہ ذیل دونوں نقش تحریر کریں۔ اور پھر یہ تعویذ کسی اچھے شربت میں دھو کر نکالیں اور کسی پاک جگہ دفن کر دیں۔ اور شربت کسی بھی طرح محبوب کو پلا دیں۔ کیسا ہی سنگدل محبوب کیوں نہ ہو آپ کے نام کی مالا جپنے لگے گا۔ نقش مبارک یہ ہے

۷۸۶

۹۸۵	۹۸۰	۹۸۷
۹۸۶	۹۸۴	۹۸۲
۹۸۱	۹۸۸	۹۸۳

نقش دیگر اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Scanned by CamScanner

۷۸۶

۲۱۹۴	۲۱۸۷	۲۱۹۲
۲۱۸۹	۲۱۹۱	۲۱۹۳
۲۱۹۰	۲۱۹۵	۲۱۸۸

علیٰ حب فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں

طالب مطلوب

نوٹ :۔ مندرجہ بالا دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر لکھ کر شربت میں دھو کر پلایا جائے۔

ہر آرزو کی تکمیل کرنیوالا عمل

اگرچہ اس عمل کو بیان کرنے کا یہاں کوئی موقع نہ تھا مگر خاکسار نے ضروری سمجھا کہ اہل دل کے لئے ایک ایسا بھی روحانی عمل تحریر کر دے جس میں ہر مقصد کا حصول ہو سکتا ہے عمل میں محنت تو بیشک بہت ہے مگر واضح ہو کہ بغیر محنت کے دنیا میں کون سا کام ممکن ہے۔

اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ نقش نوچندی جمعہ کو چالیس بار تحریر کریں اور ان الفاظ کو ڈھائی ہزار بار پڑھیں یہ عمل چالیس دن جاری رہے گا۔ اگر چالیس دن سے کچھ زائد ہو جائے تو مضائقہ نہیں۔ بہر حال کم نہ ہو اور چلے کا خاتمہ جمعہ کے دن ہی ہونا چاہیئے۔

چلّے کے دوران ہر روز نقش ہذا ایک عدد لکھا کریں اور نقش تحریر کرتے وقت یا اِسرافیل پڑھتے رہنا چاہیئے۔ نقش شریف اِس طرح ہے۔

اجب یا جبرائیل ۷۸۶ اجب یا اسرافیل

۸	۱۳	۱۴	۱
۳	۲	۱۳	۷
۳	۶	۷	۶
۱۰	۸	۴	۱۵

اجب یا عزرائیل اجب یا میکائیل

اور چلے کے دوران جن الفاظ کو ڈھائی ہزار بار روزانہ پڑھنا ہے وہ اس طرح ہیں۔ عَلِیْقًا، مَلِیْقًا، تَلِیْقًا انتَ تعلم مَا فِی قلُوبِھِمْ جب چلہ خدا کے فضل و کرم سے پورا ہو جائے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ عامل اس نقش کا عامل ہو گیا۔ اب نقش مذکور کو جس مقصد کیلئے لکھے گا اس کا وہی اثر ہوگا۔ مثلاً کسی بیمار کو اس کا تعویذ بنا کر کھلا دے یا پانی میں گھول کر پلا دے تو وہ شخص خواہ کیسا ہی بیمار کیوں نہ ہو اچھا ہو جائے گا۔ بشرطیکہ مرض الموت نہ ہو۔ اگر کسی غریب کو تعویذ لکھ کر دیدیں غنی ہو جائے خاص فائدہ اس نقش سے یہ ہے کہ اس کا موکل تابعدار ہو جاتا ہے اگر جمعہ کے دن عامل نقش لکھے اور کسی نابالغ بچے کو وہ نقش دکھائے تو اس کو موکل بہ شکل انسان دکھائی دے گا۔ اور بچّے سے جو کچھ جائز کہلوا

دے گا اس کو موکل پورا کرتا ہے ہاں اگر عامل چالیس دن کے بجائے ایک سو بیس یعنی تین چلے پورے کرے تو پھر اسے خود ہی موکل نظر آنے لگتا ہے۔ بچے کی قید ختم ہو جاتی ہے۔

اس عمل کو قائم رکھنے کی شرائط

ایک بار اس عمل کا عامل ہو جانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ عمل ساری عمر کیلئے قائم ہو گیا۔ مگر اس کے قیام کیلئے کچھ خاص قسم کی شرائط وضع کی گئی ہیں وہ یہ ہیں۔

۱۔ ساری عمر ایک قسم کی سبزی اور ایک ہی قسم کا غلہ کھایا جائے۔

۲۔ تمام عمر پتلی نہ کھائی جائے اور عامل جب بھی نقش وغیرہ لکھے علیحدہ مکان میں رہ کر اور جہاں مکمل تنہائی ہو۔

یاد رہے کہ جب بھی شرائط کی خلاف ورزی ہوئی طلسم باطل ہو جائے گا۔

محبت کیلئے ایک آسان ترین عمل (کاجل تسخیر)

طالب کو چاہیئے کہ روزہ نماز اور احکام شریعت کی پوری پابندی رکھے اور پھر جس سے محبت کرتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ محبوب اس کا ہزار جان سے عاشق ہو جائے تو مندرجہ ذیل عمل کرے خدا نے چاہا تو دلی مراد بر آئے گی۔ اور مطلوب اس کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

عمل اس طرح ہے کہ ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ہادی الرحمن کام کرے ۔ سبحان الرحیم کل عالم کو مسخر اور مستقیم موہنی چپ موہنی روپ موہنی ہوئی دین اسلام عمر بن خطاب درے دار علی نبی کا شمشیر بردار پیر دستگیر میرا کام کرکے پھر کرکے لاو بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

نوچندی جمعرات کے دن اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں یہ عبارت ایک سو بار پڑھی جائے اور اسے دو عدد لونگوں پر دم کرے اور یہ سلسلہ اکیس یوم تک جاری رہے انہیں لونگوں پر اکیس دن تک دم کرنے کے بعد روئی میں لونگوں کو لپیٹ کر صندل کے تیل میں جلائے ۔ اور کاجل پار لے جتنی دیر کاجل پارتا رہے اتنی دیر تک لاتعداد بار مذکورہ بالا عبارت کو پڑھتے رہنا چاہیئے ۔

جب کاجل تیار ہوجائے تو پھر اس کو صندل کے تیل میں حل کرکے ڈبیہ میں رکھ لے ۔ اور جب بھی نیک ارادے سے اس کاجل کو لگاکر مطلوب کے سامنے سے گذرے گا ۔ وہ خود بخود فریفتہ ہوجائے گا ۔ آزمودہ کاجل ہے ۔

کھوئے ہوئے یا مفرورین کے دلوں کی تسخیر

دعاؤں کے ذریعہ عمل ۔ اگر کسی کا کوئی نوکر یا لڑکا یا پھر پالتو مویشی

بھاگ جائے تو اسے چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز فجر اکتالیس بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کا وظیفہ کر کے اللہ پاک سے دُعا مانگا کرے۔

(۲)

کھوئے ہوئے یا بھاگے ہوئے انسان یا مویشی کو واپس لانے کیلئے سورہ والضحیٰ ایک سو بار پڑھیں اور جب وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى تک پہونچیں تو مفرور کا نام لیں خدا نے چاہا تو اس کے دل میں خود ہی کشش ہوگی۔ اور وہ آپ کے پاس آجائے گا۔

(۳)

بھاگے ہوئے عزیز کو واپس لانے کیلئے رات کی مکمل تنہائی میں اس آیت کا وظیفہ کریں۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ تو مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔ واپس آئے یا پھر سراغ مل جائے۔

(۴)

اگر کسی لڑکے یا نوکر میں بھاگ جانے کی عادت ہو تو اسے مندرجہ ذیل آیت دم کر کے کسی چیز پر کھلا دیں تو بھاگنا چھوڑ دے گا۔

آیت شریف یہ ہے۔

امن موسیٰ بربہ فاھتدیٰ وعصیٰ فرعون فغوے
وانزلنا ھذا القرآن علیٰ جبل ۵

مفرور کو واپس لانے کا خاص عمل۔

مندرجہ ذیل نقش کو نیک ساعت میں زعفران اور مشک سے لکھ کر کسی درخت کی شاخ پر ٹانگ دیں تو اس کی تاثیر یہ ہوگی کہ جیسے جیسے درخت ہوا کے جھونکوں سے ہلے گا اسی طرح مفرور کے دل میں بیقراری ہوگی۔ اور وہ واپس آجائے گا۔

نقش مقدس یہ ہے

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

کھوئے ہوئے عزیز کو خواب میں دیکھنے کا عمل

اگر خدانخواستہ کسی کا کوئی عزیز یا فرزند کھوگیا اس کا کوئی پتہ

نشان نہ معلوم ہو یہ بھی نہ معلوم ہو کہ وہ زندہ ہے یا مرگیا۔ تو چاہیئے کہ عشار کی نماز پڑھنے کے بعد گیارہ سو بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور سو جائے تو خداوند کریم خواب میں اس کو مطلع کرے گا عزیز کس حال میں ہے عامل اپنے عزیز کو خواب میں دیکھے گا۔

اگر ایک دن میں راز نہ معلوم ہو تو اسی طرح بلاناغہ روزانہ کرے خدا نے چاہا تو سات دن کے اندر پتہ چل جائے گا۔

خواب میں گم شدہ کو دیکھنے کیلئے دوسرا عمل

عشار کی نماز پڑھ کر دو رکعت نفل پڑھیں اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد تکاثر پڑھیں اور بستر پر لیٹ کر یہ دعا پڑھتے ہوئے سو جائیں اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فُلَانٌ عَلَی الْحَالَتِہ الَّتِیْ ھُوَ عَلَیْھَا تو گم شدہ خواب میں نظر آجائے گا۔ اور اس طرح کہ وہ جہاں بھی جس حال میں ہوگا۔ آزمودہ عمل ہے۔

گم شدہ کو خواب میں دیکھنے کا نقش

اس نقش کو دائیں بازو میں باندھ کر سوئیں گے تو گم شدہ کو خواب میں دیکھیں گے۔ ۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

Scanned by CamScanner

گم شدہ کا حال دریافت کرنے کا خاص عمل

اگر کسی طرح سے بھی گم شدہ کا پتہ نہ چل رہا ہو تو پھر چاہیئے کہ نیک ساعت میں غسل کریں اور لباس پاک و صاف زیب تن کریں اور پھر کسی بھی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھیں پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ والشمس سات بار اور دوسری رکعت میں سورۃ واللیل سات بار پڑھیں اور پھر نماز کے بعد سو بار درود شریف پڑھ کر ذیل کا نقش زعفران سے لکھ کر سرہانے رکھ کر سو جائیں خواب میں گم شدہ کی حالت معلوم ہو گی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

اللہ

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

اللہ (دائیں) — اللہ (بائیں)

اللہ

مندرجہ بالا عمل جس کا عزیز کھو گیا ہو وہ چاہے خود کرے نہیں تو کسی پرہیز گار نمازی اور پڑھے لکھے آدمی سے کرا لینا چاہیئے۔ اگر پرہیز گار آدمی نہ مل سکے اور ضرورت مند جو

پہلے سے نمازی اور دین دار نہیں رہا تو اسے چاہیئے کہ خود اللہ کی درگاہ میں توبہ کرے۔ گذشتہ گناہوں پر معافی طلب کرے خدا غفور الرحیم ہے وہ ہر ایک خطا کار کی خطائیں معاف کرتا ہے بہر حال یہ عمل اسی کو فائدہ پہنچا سکیں گے جو شریعت کی شرائط پر پورا اترتا ہو۔

چور کا پتہ لگانے والے عملیات

اگر کسی کا مال چوری چلا گیا ہو اور چور کا پتہ نہ چل رہا ہو تو پھر اس کے لئے ذیل میں تین مجرب عمل درج کئے جا رہے ہیں امید ہے خلق کو ان کی برکت سے فائدہ حاصل ہوگا۔ جس کا مال چوری گیا ہو وہ مندرجہ ذیل حروف کو پاک اور صاف ہو کر زعفران سے تحریر کرے اور تعویذ سرہانے رکھ کر سو جائے خداوند عالم خواب میں اس کو اس کے مسروقہ مال کا پتہ بتا دیں گے۔ حروف متبرکہ یہ ہیں۔

۷۸۶

بھ ھ ۶ ھ ع ء

مسروقہ مال مل جائے گا

جس گھر میں چوری ہو جائے وہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر

اندھیرے مکان میں دفن کریں تو اس کی تاثیر سے قدرتاً مال کا پتہ مل جائے گا۔ ۷۸۶

۴۵۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۸
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

اگر اس نقش سے مال دستیاب نہ ہو تو پھر ذیل میں ایک اور نقش دیا جارہا ہے۔ ویسے تو خدا نے چاہا اسی نقش سے معاملہ حل ہوجائے گا۔ چوری ہوجانے کے دوران سورہ یٰسین کی تلاوت روزانہ کرنی چاہیئے اور اللہ پاک سے دعائیں مانگنی چاہیئے اور صبر کی توفیق مانگنی چاہیئے۔

خاص الخاص نقش برائے مال مسروقہ کی برآمدگی

مندرجہ ذیل نقش تحریر کر کے پانی میں اس طرح ڈال دیں کہ ڈوب جائے خدا نے چاہا تو بہت جلد آپ کے مال کا پتہ چل جائے گا۔ نقش متبرکہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

Scanned by CamScanner

اتنا ہے کہ اول الذکر جائز عملیات ہیں مگر موخرالذکر کے لئے ہمارا دین منع کرتا ہے اور خاص کر اس لئے کہ ان عملیات میں چونکہ قید نہیں لگائی گئی اس لئے جائز نا جائز ہر شخص ان کو کرنے پر تیار ہو جائے گا۔ مگر اطلاعاً عرض ہے کہ بلا وجہ اور حرام مقاصد کیلئے عملیات کا استعمال خواہ سفلی ہو یا قرآنی سخت گناہ ہے ہاں جائز ضرورت کے وقت کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

محبت کیلئے چٹکلہ

خرالھین سوکھی ہوئی ایک دانہ ہُدہُد کے خون میں حل کرلیں اور پھر ایک فلیتہ بناکر آدھی رات کو زیتون کے تیل میں چراغ جلائیں بتی کی جگہ فلیتہ جلائیں۔ تو مطلوب اسی وقت حاضر ہوگا ایک صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ یہ چٹکلہ ان کے مشاہدہ میں آچکا ہے۔

حاکم کو مسخر کرنے کا چٹکلہ

خرگوش کی چربی اور گائے کا گھی ملاکر جوش دیں اور پھر اسے ٹھنڈا کرکے چہرے پر لگائیں جس کے سامنے جائیں گے وہ عزت و تعظیم کرے گا۔ مقدمہ میں جائیں گے تو کامیابی ہوگی اور اگر کسی بڑے آدمی سے ملنے جائیں گے تو وہ نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔

محبت میں کامیابی کا چٹکلہ

ایک انجیر کی چھڑی سے کسی سیاہ کتیا کو ماریں اور پھر اس لکڑی کو جلا ڈالیں جب راکھ ہو جائے تو وہ راکھ جس پر اٹھا کر ڈال دیں۔ عاشقی کا دم بھرنے لگے گا۔ آزمایا ہوا عمل ہے۔

دل کے راز معلوم کرنے کا طریقہ

ایک مینڈک پکڑیں اس کو ذبح کر کے اس کی زبان نکال کر پارچہ کتان میں لپیٹ لیں۔ جس سوتے ہوئے کے سینے پر رکھ دیں گے۔ وہ اپنے دل کی بات بتا دے گا۔ یہ طلسم خصوصاً عورتوں کے دل کی باتیں معلوم کرنے کیلئے بہت کامیاب رہتا ہے

جدائی کروانا مقصود ہو تو

جن دو لوگوں کے درمیان عداوت کرانا مقصود ہو تو اس کے لئے ان دونوں کے استعمال شدہ کپڑوں کے ذرا ذرا سے ٹکڑے لے کر انہیں الو کے خون میں تر کر لیں اور پھر ان کو خشک کر کے آگ میں جلا دیں اور وہ راکھ دونوں کے سروں پر تھوڑی تھوڑی چھوڑ دیں تو دونوں میں خواہ کس قدر کیوں نہ دوستی رہی ہو ایسی عداوت قائم ہو کہ فی امان اللہ۔

ہندو جوگیوں کے دیئے ہوئے نقش (جنتر)

(جو دراصل منتروں کے اعداد ہیں)

میاں بیوی کے درمیان محبت بڑھانے والے منتر کا نقش

اگر میاں بیوی میں کھٹ پٹ رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو پھول کے برتن میں لال چندن سے تحریر کریں اور عورت مرد دونوں کو دھو کر پلائیں۔

نقش یا جنتر یہ ہے

۲	۳۵	۲	۷
۸	۳	۳۲	۳۱
۴	۲۹	۹	۱
۴	۶	۳۰	۳۳

تسخیر حاکم اور ہر دلعزیزی حاصل کرنیکا جنتر

مندرجہ ذیل نقش کو بھوج پتر پر لکھیں اور پھر اس کا تعویذ گلے میں ڈال کر جس حاکم کے سامنے جائیں۔ وہ عزت کرے اور لوگوں میں ہر دلعزیزی بڑھے۔

جنتر اگلے صفحہ پر

Scanned by CamScanner

نقش یا جنتر یہ ہے

۴۴	۵۱	۷	۲
۶	۳	۴۸	۴۷
۵۰	۴۵	۸	۱
۴۲	۴	۴۶	۴۹

تسخیر حاکم کے لئے ایک اور جنتر

مندرجہ ذیل جنتر کو دھتورے کے رس سے تحریر کر کے تعویذ بنائیں اور گلے میں ڈال کر اگر جانی دشمن کے پاس بھی جائیں تو وہ دوستی اور مہربانی سے پیش آئے۔ جنتر مذکورہ یہ ہے۔

۷۹	۸۶	۲	۸
۷	۳	۸۳	۸۲
۸۵	۸۰	۹	۱
۴	۶	۰	۸۲

ہر مقصد کے حصول کیلئے عام جنتر

یہ جنتر ہر مقصد کیلئے کام کرتا ہے اس کو صرف اتوار کو یا منگل کے دن ہی لکھا جانا چاہیئے۔ کاغذ پر ہلدی کی روشنائی سے لکھ کر اس کے نیچے مقصد تحریر کریں اور پھر مٹی کے نئے چراغ میں بتی کی جگہ یہی جنتر جلائیں اور متواتر سات دن تک اسی طرح

جنتر جلاتے رہیں۔ مقصد بر آتا ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۱	۱۸	۲	۸
۷	۳	۱۵	۱۴
۲۷	۱۲	۹	۱
۴	۶	۰	۸۲

عربی حروف کے مقدس نقش اور انکے فوائد

اگر محبت میں کامیابی مقصود ہو تو صرف (ث) کو ایک کاغذ میں متعدد بار لکھ کر دھو کر محبوبہ کو پلائیں خدا نے چاہا تو کامیابی حاصل ہوگی

اگر کسی دشمن سے خوف ہو تو ہتھیلی پر اپنی لفظ (خ) مندرجہ ذیل طریق سے لکھیں دشمن مہربان ہوگا۔



کسی کو بھی تسخیر کرنا ہو لفظ (کو) بوقت اذان برائے نماز جمعہ ستر بار پارچۂ ریشم پر تحریر کریں اور انگوٹھی کے پتے

میں جڑ کر پہنیں تو ہر مقصد کا حصول ہوتا ہے واسطے تسخیر کے مندرجہ ذیل نقش محبوبہ کو دھوکر پلادیں تو مطیع و فرماں بردار بنے نقش یہ ہے۔

۷۸۶



اگر حرف (ن) کو کسی گھوڑے کی نعل میں اکیس بار تحریر کریں اور اس میں مطلوبہ کا نام تحریر کریں تو اس کا دل بے قرار ہو جائے گا۔ اور آپ کی طرف کھنچتی ہوئی آوے گی۔

اگر کوئی حرف (د) کو سنیچر کے دن طلوع آفتاب کے وقت انگوٹھی پر کھدوائے تو پھر وہ انگوٹھی پہننے والا جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور جس کے پاس سے گذرے گا مطیع و مسخر ہو جائے گا۔

مندرجہ ذیل نقش (ی) کا ہے اگر کسی سفید ریشمی کپڑے

پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو خلق کی بدگوئیاں اس کیلئے بند ہو جائیں اس کی غیبت کرتے ہوئے لوگ گھبرائیں۔

نقش معتبر کہ اس طرح ہے۔

۷۸۶

ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی

بحساب ابجد نیک و بد کا جاننا

اعداد ابجد کا قاعدہ یہ ہے۔

ا ب ج د ہ و ز ح ط

ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر

ش ت ث خ ذ ض ظ غ

دنوں کے اعداد یہ ہیں۔

شنبہ	یک شنبہ	دو شنبہ
۳۷۰	۳۸۷	۳۶۷

سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنجشنبہ	جمعہ
۴۲۲	۵۶۶	۴۱۲	۱۱۸

حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی ؟

معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ حاملہ اور اس کی ماں کے اصل ناموں کے اعداد اور ان کی پیدائش کے دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر ایک باقی بچے تو لڑکا اور اگر دو بچیں تو لڑکی اور اگر صفر بچے تو ولادت کے وقت بہت خطرہ ہے یا بچہ مر جائے یا پھر زچہ کو کچھ ہو جائے۔

عورت کیسی ہے ؟

یہ معلوم کرنے کیلئے عورت کی ماں اور خود عورت کے نام کے اعداد جمع کریں۔ اور چار سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو دشمن ظاہر اور باطن میں ہو اور اگر دو بچیں تو ظاہر میں دوست ہو اور باطن میں دشمن ہو اگر تین بچیں تو ظاہر میں دشمن ہو۔ اگر کچھ نہ بچے تو کبھی دوست اور کبھی دشمن ہو گی۔

مسافر سفر سے بخیریت واپس پہنچے گا یا نہیں؟

یہ معلوم کرنا ہو تو مسافر اور اس کی ماں اور اس دن کے اعداد جمع کرے کہ جس دن سفر کو جانا ہے ایک سے تقسیم کر دیں اگر ایک بچے تو صحیح سالم اپنے وطن میں نہ لوٹے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو بخیریت واپسی

عمل میں آئے گی۔

کون سی تجارت میں نفع ہوگا؟

یہ جاننے کیلئے تجارت کرنیوالے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد اور جس دن یہ سوال ہو اُس دِن کے اعداد جمع کر کے چار سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو ہیرے موتی، کی تجارت کرے اور دو بچیں تو تجارت میں نفع حاصِل ہوگا۔ اگر تین بچیں تو مویشیوں کی تجارت بہتر ہے اگر کچھ نہ بچے تو لکڑی اور گھاس وغیرہ کی تجارت فائدہ پہونچائے گی۔

چور گھر کا ہے یا باہر کا؟

جس کی چیز چوری گئی ہو اس کی ماں کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر باقی آئے تو چور گھر کا ہے اگر دو بچیں تو چور ہمسایہ کا ہے اگر کچھ نہ بچے تو چور باہر کا ہے۔

بیمار اچھا ہوگا کہ نہیں؟

مریض اور اس کی ماں کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو مریض مرجائے گا۔ اگر دو بچیں تو صحت پائے اگر کچھ نہ بچے تو پھر بیماری کا وقفہ

لمبا ہو جائے مگر بعد میں صحت ہو۔

فریقین میں صلح ہوگی کہ نہیں؟

مدعی اور مدعا علیہ دونوں کے نام کے اعداد اور ان کی ماؤں کے نام کے اعداد جمع کریں اور اس دن کے اعداد بھی انہیں میں جوڑ دیں اب اس تعداد کو چار سے تقسیم کردیں اگر ایک بچے مدعی غالب آئے گا۔ اگر دو بچیں تو مدعا علیہ غالب آئے گا۔ اگر تین بچیں تو صلح ہوگی اگر صفر آئے تو ہمیشہ عداوت بنی رہے

دو ملکوں کی جنگ کا انجام کیا ہوگا؟

جسے یہ سوال معلوم کرنا ہو اس کے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد جمع کریں پھر دو سے تقسیم کر دیں اگر ایک بچے تو سوال معلوم کرنے والے کی ہمدردی حاصل کرنے والے ملک کی فتح ہو اگر کچھ نہ بچے تو سوال کنندہ کے مخالف کی فتح ہوگی۔

جو سامان چوری ہوگیا ہے وہ ملیگا یا نہیں؟

جس کا مال چوری گیا ہے اس کے اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں اور اس دن کے اعداد جمع کرکے دو سے تقسیم

کریں اگر ایک بچے تو سامان مل جائے گا۔ اگر صفر بچے تو نہیں ملے گا۔

کس عورت سے نکاح کرنے میں اچھائی ہے یا برائی؟

اس عورت کے نام کے اعداد اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں اور جس دن یہ سوال معلوم کیا جا رہا ہے اس کے اعداد جمع کر کے چار سے تقسیم کرے اگر ایک بچے عورت مبارک ہے اچھی اور صحت مند اولاد ہو اور نصیبہ والی ہو اگر دو بچیں تو نامبارک اگر تین بچیں تو بد نصیب ہے۔ نہ نصیبہ والی اوسط کا ملہ ہے اگر نہ بچے تو دونوں کیلئے اچھائی ہے۔ نکاح میں فائدہ ہے۔

پہلے شوہر مرے گا یا بیوی؟

یہ معلوم کرنے کیلئے زن و شوہر دونوں کے ناموں کے اعداد اور ان کی ماؤں کے ناموں کے اعداد جمع کر کے دو سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو پہلے عورت مرے گی اگر صفر بچے تو مرد پہلے راہیٔ ملک عدم ہوگا۔

شخص غائب زندہ ہے یا مردہ؟

یہ معلوم کرنے کیلئے غائب آدمی زندہ ہے یا مردہ تو شخص غائب اور اس کی ماں کے ناموں کے اعداد جمع کریں اور چار

سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو غائب تندرست اور زندہ ہے اگر دو بچیں تو بہت جلد واپسی ممکن ہے اگر تین بچیں تو قطعی واپس نہ آئے گا اگر صفر بچے تو زندہ ہے مگر دیر میں واپس آئے گا۔

سیر و سیاحت میں جانے سے پہلے

یہ معلوم کرنے کیلئے سفر میں کیسی گذرے گی۔ سفر کرنے والے کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد جمع کریں اور دو سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تو سفر مبارک ہے اور اگر صفر بچے تو سفر منحوس ہے ہرگز سفر نہ کریں۔ نقصان ہوگا۔

تجارت میں ساجھا یا شرکت کیسی رہے گی؟

دونوں فریقین کے ناموں اور ان کی والداؤں کے ناموں کے اعداد جمع کریں اور دو سے تقسیم کریں اگر ایک باقی آئے تو شرکت بحسن و خوبی نبھ جائے گی اگر صفر آئے تو ہرگز ہرگز شرکت نہ کریں کیونکہ ایسے ساجھے کی ہانڈی چوراہے پر پھوٹے گی۔

میاں بیوی میں موافقت ہوگی کہ نہیں؟

شوہر اور اس کی ماں بیوی اور اس کی ماں اور اس دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کر دیں۔ اگر ایک بچے تو ہرگز

موافقت نہ ہو گی ۔ اگر دو بچیں تو دونوں میں محبت اور الفت قائم ہو گی ۔ اگر کچھ نہ بچے تو بہت جلد موافقت ہو جائے گی ۔

عورت بدچلن یا نیک چلن ؟

یہ معلوم کرنے کیلئے عورت اور اس کی ماں کے ناموں کے اعداد اور اس دن کے اعداد جمع کریں اور تین سے تقسیم کر دیں اگر ایک بچے تو عورت نیک کردار اور صاحب عصمت ہے ۔ اگر دو بچیں تو نہایت بدکردار اور شہوت پرست ہے ایک شوہر سے کبھی راضی نہ رہے ۔ اگر کچھ نہ بچے تو سمجھ لیں کہ شوہر کو بھی خوش رکھتی ہے اور دوسرے آشنا سے بھی تعلق رکھتی ہے ۔

نوکر یا غلام کدھر بھاگ کر گیا ہے ؟

یہ معلوم کرنے کیلئے جس کا نوکر یا غلام فرار ہو گیا ہو اس کے اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد جمع کر کے آٹھ سے تقسیم کر دیں اگر ایک بچے تو مفرور مشرق کو گیا ہے اگر دو بچیں تو مغرب کی طرف بھاگا ہے اور تین بچیں تو جنوب کو اور اگر چار بچیں تو جانب شمال گیا ہے ۔

عملِ محبّت

نوچندی جمعرات کو ٹھیک رات کے دو بجے اپنے شہر کے کسی شاہی مسجد کے اندر ایسے کمرے سے جہاں سورج کی کرنیں داخل ہوں یا لب ساحل صبح صادق کے وقت سنگ مرمر پر بیٹھ کر وضو کریں۔

وضو کر کے مغرب کی جانب منھ کر کے عقیق کا پتھر لگی ہوئی تسبیح ہزار دانے کی جس کو لوبان کی دھونی دیکر عطر صندل لگائے۔

عمل شروع کرنے سے پیشتر اپنے محبوب اور اس کے والدین کے نام کو ستر بار زبان کو ہلاتے رہیئے۔ اور دل ہی میں لے کر کہے۔ میں تیری محبت میں دیوانہ ہوں تو میری محبت میں دیوانی بن۔ کیونکہ محبت خدا ہے (یہ کفر ہے) یہ کفر ہے کہہ کر تسبیح پر دم کرلے اور اس تسبیح کو آنکھ سے لگا کر بوسہ دے اس کے بعد عمل شروع کر دے عمل یہ ہے۔

یَا عزیزُ یا اللہ جاھرُ الّا اللہ

(بر زبانم) ۲۱ مرتبہ پڑھ کر حنا کے پھولوں پر دم کرے یہ عمل پڑھ کر ۲۸ مرتبہ دم کریں۔

اس کے بعد ان پھولوں کو شہر میں کسی جگہ شہید کی قبر پر چڑھائے یہاں تک کہ اکیس روز گذر جائیں تو برگ گلاب

کے عرق اور گل چنبیلی کی بند کلیوں پر بدھ کے دن پانچ روز تک ہر روز ۲۱ مرتبہ وہی عمل پڑھ کر کے دم کریں تین روز کے بعد کلی کھل جانے کے بعد عرق گلاب کو پھولوں پر چھڑک کر ہار گوندھیں۔

ہار گوندھتے وقت محبوب کا نام لیتے جائیں ہار تیار ہونے پر محبوبہ کے گلے میں ڈالیں وہ تمہاری محبت میں بے قرار ہو کر تمہارے یہاں چلی آئے گی۔ اور پھر تمہارے گھر سے عمر بھر نہ جائے گی۔

برائے محبت

محبت کرنے والے صاحبان کی خاطر یہ نقش حقیقت میں ایک عجیب و غریب چیز ہے یہ نقش ان ناامید اور برباد تمناؤں اور ناامیدوں کو فیض پہونچاتا ہے۔

لاموت	ہاروت	الجن	۷۸۶	طاغوت
ماروت	اللہ اکبر	اللہ اکبر	۷۸۶	صبا
تالوت	اللہ اکبر	اللہ اکبر	۷۸۶	بلقیس
جالوت	ہ ہ	بدوت	۷۸۶	صفورہ

طریقہ

جمعہ کے دن کھیر پکا کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے نام پر فاتحہ دلائے اسی رات ۲۰۰ مرتبہ نام حضرت سلیمان کا لے کر آخر میں لفظ مدد ضرور کہدے یعنی یہ کہے کہ سلیمان مدد دے۔

دو روز وظیفہ پڑھ کر نقش معظم پر دم کرتے رہو۔ مدت ختم ہونے پر تعویذ اپنے دل کے قریب پہن کر اس بت سفاک سے ملئے اور قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھئے محبوبہ چاہے کتنی ہی سنگدل ہو فوراً مائل ہو جائے گی۔

نقشِ مُحبّت

اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو ایک کاغذ لیکر یہ نقش (تینوں) علیحدہ علیحدہ لکھوان تینوں سے مندرجہ ذیل کام لو

۱۔ نقش کو محبوب کے دروازے کے قریب گاڑ دو

۲۔ کسی طرح محبوب کو پلا دو

۳۔ اس نقش کو تعویذ بنا کر گردن میں ڈال لو اور جب تمام کام ختم ہو جائے تو اس وقت اپنے سنگ دل معشوق سے مل کر دیکھو اور آزماؤ کہ وہ آپ سے محبت کرتی ہے یا نہیں اب آپ اور وہ ایک دوسرے میں محسوس کریں گے

۵	۲۱				۷	۱
۱۸	۱۳	۱۵	۸۷	۹	۲	۸
۱۶	۱۹	۱۹	۷۰	۱۴	۶	۳
۲۳	۱۸	۱۲	۱۷	۷	۴	۵
۲۰	۲۳				۳	۸

Scanned by CamScanner

یہ نقش مجرب اور قیمتی ہے آزما کر دیکھیں

دوست بنانے کیلئے

اگر آپ کسی کو اپنا دوست بنانا چاہیں اور خیال ہو کہ وہ ہمیشہ آپ کی محبت میں دیوانہ رہے تو آپ مندرجہ ذیل نقش بنا کر اپنے پاس رکھو۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۰۷ حب ۳۷، ۴۷، ۵۷ ع

فلاں بن فلاں علے حب بن فلاں

طریقہ

اس نقش کو لکھنے کی ترکیب یہ ہے۔

جمعہ کے دن غسل کر کے اچھا لباس پہن کر عطر گلاب لگا کر نماز جمعہ ادا کر کے یہ نقش کالی سیاہی سے لکھیں اور ہر وقت اپنے پاس رکھیں آپ اپنے مطلوب کے سامنے چلے جائیں گے تو وہ فوراً محبت کرنے لگے گا۔

محبت کیلئے

کسی نہ کسی طریقہ سے محبوب کو سڑک پر لیجاؤ ایسی جگہ

جہاں پاؤں کے نشان خوب اچھی طرح سے بن جائے۔ کسی اپنے دوست یا اپنے ساتھی کو پیچھے کر دینا چاہیئے اس جگہ اس کو سمجھا دینا چاہیئے کہ اس کے دائیں پاؤں کے نشان کو کاٹ کر اس کی خاک اٹھا کر رکھے اس طرح اس کے پاؤں کے نشان کی سات جگہ سے خاک لیکر گھر جاؤ اور کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا سوت سات گز لمبا ہو اور اس کو منگل کے روز جلا کر خاک کر لو

اس کی خاک اور محبوب کے پاؤں کے نیچے کی خاک دونوں کو ملا کر سات روز تک اس کی دھوپ کی بتی بنا کر برابر دھوتے رہو۔

آٹھویں روز اس کی خاک کی ایک چٹکی اپنی محبوبہ کے سر پر ڈال دو خاک بالوں میں پڑتے ہی وہ آپ کی محبت میں دیوانی ہو جائے گی یہ عمل مجرب ہے۔

چوڑیوں کے ذریعہ سے عمل محبت

اگر آپ کو کسی سے محبت ہے اور آپ کو کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے تو آپ کو چاہیئے جس طرح بھی ممکن ہو سکے اپنے محبوب کے ہاتھوں کی ایک ایک چوڑی حاصل کر لے۔ جب اس کوشش میں کامیاب ہو جائیں تو ان چوڑیوں کو رات کے بارہ بجے دہکتے ہوئے کوئلوں پر رکھ کر رات کے وقت ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ یہ پڑھے۔

العشق العشق

۲۷ روز تک اس عمل کو برابر پڑھتے رہو۔ مدت ختم ہوتے ہی ان دونوں چوڑیوں کو ریشم کے سرخ رنگ کے دھاگے سے باندھ کر کیلے کی جڑ میں دفن کر دو لیکن اس طرح کوئی یہ کام کرتے نہ دیکھے اور نہ کوئی اُسے نکالے۔

پھر ان چوڑیوں کو اس جگہ سے نکال کر گھر میں لے آئے تو محبوب پھر اپنی اصلی صورت پر آجائے گا۔ یہ عمل مجرّب ہے۔

عملِ گل گلاب

اگر سرخ گلاب کے پھولوں پر شب قدر کو دس ہزار مرتبہ قل شریف (قل ھواللہ) آخر تک پڑھے۔

پڑھنے کے بعد پھول پر دم کرے تو خدا کی قدرت سے اس پھول میں یہ اثر ہوگا کہ اس پھول کی خوشبو جو ایک مرتبہ سونگھے گا وہ عامل کی محبت میں ضرور گرفتار ہو جائے گا۔

محبّت کا تیر

حب کیلئے یہ بھی ایک نہایت ہی اچھا اور مفید ترین طریقہ ہے۔ اس کے ذریعہ بیقرار عاشق بہت جلد اپنی امیدوں میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ اور محبوب سے مل جانے کے بعد اس کے دل میں قرار

کا وجود پیدا ہو جاتا ہے۔ سنیچر کی رات کو ایک کمان اور سات تیر لے کر دریا پر پہونچ جاؤ اور اس کے کنارے پر کھڑے ہو کر ۴۰ مرتبہ اس عمل مبارک کو پڑھو۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر

۴۰ مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے محبوب کے نام کو لو اور کمان میں تیر (ایک) جوڑ کر چھوڑ دو۔

چالیس روز تک دریا پر آؤ اور پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھو عمل ختم بھی نہ ہونے پائے گا محبوب دونوں ہاتھوں سے اپنا دل تھامے ہوئے بیقرار ہو کر بھاگا ہوا آپ کے پاس آئے گا اور کہے گا کہ اے میرے محبوب مجھے تم سے محبت ہے اسی طرح آپ اپنی محبت اور مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔

محبت کا عمل

کالی بکری کے دودھ کی کھیر اگر کنواری لڑکی سے پکوا کر سات روز تک برابر فقیروں میں تقسیم کی جائے اور سات دن کی رات گذر جانے کے بعد اگر اس پر عمل کیا جائے تو اپنے مقصد میں ہر شخص کامیاب ہو سکتا ہے۔

چاند کی ۲۷ ویں تاریخ شب کو ایک بجے کے قریب مشرق کی جانب اپنا منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ اور اپنے محبوب کا خیال اپنے

دل میں جما کر یہی سمجھو کہ میں اپنی محبوبہ کو دیکھ رہا ہوں اور دل ہی دل میں اس مہ لقا کا نام لئے جاؤ اور آخر میں یہ بھی کہتے رہیں کہ میں تجھے اپنانے میں ضرور کامیاب ہو جاؤں گا۔ جونہی آسمان پر سے کوئی تارا ٹوٹے فوراً ہی دائیں ہاتھ کی ہتھیلی زور سے بائیں ہتھیلی پر مارتے ہوئے کہیے میں نے آخر تم کو پا ہی لیا اور اب تم میرے ہو اور ہمیشہ میرے ہی رہو گے۔ ایک گھنٹہ بعد دونوں ہاتھوں کو اسی طرح رہنے دو اور برابر اپنے محبوب کا نام لیتے رہو پھر کوئی وجہ نہیں کہ جو آپ کا محبوب آپ سے لپٹ نہ جائے۔

محبت کیلئے

مجرب نقش اعظم

جو کوئی ۴۰ روز تک نماز پنجگانہ کے سورہ واللیل کو ایک سو بار دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر جلا دے گا اس کا مطلوب کتنی ہی دور کیوں نہ ہو حاضر ہو جائے گا۔

دیگر واسطے محبت کے یہ نقش پیش کر رہے ہیں۔ اگر

آپ کا مطلوب کسی طرح سے بھی راضی نہ ہوتا ہو اور آپ ہر طرف سے مایوس ہو چکے ہیں تو اللہ کا نام لیکر اس نقش کو لکھ کر اور موم جامہ میں کر کے لوبان کی دھونی دے کر پہن لیجئے آپ کا محبوب آپ کا مطیع ہوگا۔



دیگر

واسطے محبت کے اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنا کر کورے چراغ میں روغن کنجد ڈال کر روشن کرے اور اسم پاک یا ودود کو دو سو مرتبہ پڑھے ۲۱ روز تک برابر چراغ جلائے اور اسم پاک کی تلاوت کرتا رہے۔ بیحد مجرب ہے۔

۷۸۶

۹	۸	۱۰	۱۴
۵	۱۳	۱۲	۷
۶	۱	۱۶	۹
۵	۲	۱۸	۴

Scanned by CamScanner

طلسم محبت

اس طلسم کو کوڑے سکوڑے میں ڈالیں فلاں بن فلاں عاشق شود لکھدے اور بجائے فلاں بن فلاں کے نام طالب مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھے طلسم یہ ہے۔

۱۱-۱۱-۱۱ ۱۱۹-۳۸ ۵۲۴ ی ۶۹۰ عہ ۱۱۶

۹۹۹۱۱-۱۱ ۹۳۰ ۳۵ ۱۵۱۱۱۹ ۴۵۲۴۳۹۱۱

دیگر

یہ نقش سورۃ اخلاص کا چار طریقوں پر لکھا جاتا ہے اول یہ کہ لکھ کر انار کے درخت پر لٹکا دے۔

جب یہ نقش ہوا سے ہلے گا مطلوب فرط محبت سے بیقرار ہو جائے گا۔ دوسرے یہ کہ صحرا میں دفن کرے تیسرے یہ کہ اس نقش کو گیہوں کے آٹے کی گولی بنا کر علی الصبح دریا میں ۲۱ روز ڈالے چوتھے یہ کہ اس تعویذ کو لکھ کر فلیتہ کرے مطلوب بے قرار ہو کر آپ کے پاس آجائے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	یلد
ولم	یولد	ولم	یکن
له	کفوًا	ا	حد

دیگر

واسطے محبت کے یہ نقش لکھ کر محبوب کے گھر میں دفن کر دے بجید مجرّب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۱۱	۲۳	۲۰	۱۷
۱۰	۱۶	۲۴	۲۲
۱۵	۱۸	۱۴	۱۲

تسخیر قلوب کیلئے

اگر کسی گھر میں میاں بیوی کا آپس میں جھگڑا ہو گیا ہے اور ایک دوسرے سے اتنے متنفر ہیں کہ صورت تک سے بیزار ہو جائیں تو چاہیئے کہ مشکی رنگ کے گھوڑے کا ایک نعل تلاش کر کے لائیں اور ساعت مشتری میں جمعہ کے روز عروج ماہ میں اس نقش کو اس نعل پر لکھ کر اور گرم تنور میں اس نعل کو

دبا دے، مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو جائے گا۔



عمل برائے محبّت

اگر آپ سے کوئی افسر ناراض ہو۔ اور آپ اس کو اپنا گرویدہ بنانا چاہتے ہیں تو شروع چاند جمعہ کے دن بعد نماز صبح تھوڑی سی شکر سامنے رکھ کر سورۂ یٰسین پڑھو لیکن جب مبین پر پہونچو تو صرف لفظ جملہ مبین کی ایک سو دو مرتبہ پڑھو تکرار کرو، ایک مرتبہ تو قرآن شریف میں ہے اس کے علاوہ ایک سو دو مرتبہ پڑھو۔

سورۂ یٰسین میں سات جگہ مبین ہے تو کل مبین علاوہ قرآن مجید کے سات سو چودہ مرتبہ ہو گی۔ ہر مرتبہ مبین پڑھ کر اس شکر پر پھونک دیا کرو بعد ختم اس کی شکر کو احتیاط سے رکھو جب موقع ملے اس شخص کو کھلا دو۔ ایسی شئے میں ملا کر کھلاؤ جس سے کوئی شبہ نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شکر کے پیٹ میں جانے کے بعد اس کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہو گی۔

شکر اس قدر ہو کہ جس سے ایک چائے کی پیالی یا کوئی مختصر شئے میٹھی ہو سکے۔ باقی شکر کی کمی بیشی آپ کے اختیار میں ہے۔ جس شخص کو مسخر کرنے کے واسطے عمل کرو اس شخص کے واسطے یہ شکر کارآمد ہے شکر پر دم کرتے وقت اس شخص کا نام لیکر دعا کرو الٰہی فلاں بن فلاں کے دل میں میری طرف سے محبت کی شیرینی بھر دے یہ عمل محبت کیلئے مجرب ہے مگر ہمیشہ جائز جگہ کام میں لیا جائے۔

عمل عجیب

برائے مہربانی

اگر ماں باپ بیوی اولاد یا کوئی عزیز ناراض ہے اور آپ اس سے رضامندی چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل شعر بعد نماز عشاء روزانہ تین سو اکیس مرتبہ پڑھیں آسمان کے سائے میں برہنہ سر کھڑے ہو کر پڑھیں۔

بعد الفراغ تصور کر کے اس ناراض شخص کی طرف پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں رضامندی ہو گی۔

لطف الّذی یرفق بالاولادی
ویطرح المحبّۃ فی الالباری

تسخیر محبوب کیلئے بیحد مجرب عمل

چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کی رات یہ عمل شروع کریں۔ صرف سات دن کا عمل ہے احتیاط کے ساتھ اگر جائز محبت کیلئے کیا جائے تو ہرگز خطا نہ ہوگا۔ کئی بار کا آزمودہ ہے۔

عمل: یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کوری روئی میں لپیٹنے اور ایک کورا چراغ لیکر اس میں یہ فلیتہ رکھ دیں اور تل کے تیل سے روشن کریں۔ چراغ کا منہ محبوب کے مکان کے سامنے ہو خود چراغ کے سامنے بیٹھے اور مندرجہ ذیل افسوں اہم بار پڑھتا رہے، جب پڑھ چکے چراغ جلتا رہنے دے جب فلیتہ بالکل جل کر راکھ ہو جائے تو اس کو زمین کے نیچے دفن کر دے دوسرے روز پھر نیا چراغ حسب سابق بنا دے اسی طرح سات دن عمل کرتا رہے۔

افسوں:۔ کالا کلوا کالی رات کالا بھیجوں آدھی رات جب وہ آئے آدھی رات تن مجھ لاگے۔ ساری رات کلوا بیر فلانی کوں بیٹھی کوں اٹھالاؤں سوتی کوں جگا لاؤں سوتی کوں دوڑا لاؤں حال لاؤ فی الحال لاؤ جو نہ لائے تو سچی بہن بھانجی کے یسیج پر پگ دھرے

نقش جس کا ہر روز فلیتہ بنے گا۔

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

کالا کلوا ۹	۲۲ جو نہ لاوے	کھڑی کو دوڑا لا	فلاں کوں ۶
حال ۲۰ لاؤ	کلوا بیر ۱۵	کالی رات ۱۱	فی الحال لاؤ ۲۱
تن مجھ لاگے ساری رات	بیٹھی کول اٹھا لاؤ	سیج پر پگ دھرے	کالا بھجوں
توسگی بہن بھانجی کے	آدھی رات	جب وہ آوے آدھی رات	سوتی کوں جگا لاؤ

عمل محبّت

چالیس دانے چنے کے لیکر ایک ایک دانے پر سورۂ زلزال پڑھ کر دم کرے اور ہر ایک دانے کو آگ میں ڈالے یا سو بار ایک ہی مرتبہ پڑھ کر سب پر پھونکے اور آگ میں ڈالے اس وقت منہ میں شیرینی رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کم سے کم تین روز میں اپنا اثر دکھا دے گا۔ اور خدانخواستہ اگر تین روز میں کامیابی نہ ہو تو ایک ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا و ذُلْزِلُوْ زِلْزَالًا شَدِیْدًا و جمیع جوارح فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّیُرَوْ اَعْمَالَھُمْ ھٰمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مثقال ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ط

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیکھیے

عمل حب تسخیر خلائق کیلئے

محبت و تسخیر کیلئے یہ عمل مبارک بعد نماز عشاء قبلہ رو ہو کر اکتالیس دن تک ہر روز اکتالیس مرتبہ پڑھیں تسخیر خلائق کیلئے بے حد اثر عمل ہے۔

عمل :۔ حب یا جرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل احفر و للحب والمسخرات خلق اللہ بحق یا اللہ یا ودود یا بدوح یا اقطاب ہند یہ عمل کشائش رزق کیلئے بھی پڑھا جاتا ہے لیکن تعداد میں اضافہ کرنا ہوگا، یعنی بعد از نماز ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھنا ہو انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی فراوانی ہوگی۔

محبّت اور اپنی محبوبہ کی تسخیر کیلئے

محبوبہ کیلئے اس سے بہتر عمل تجربہ میں کوئی اور نہ آیا فوراً ہی اثر کرتا ہے بشرطیکہ طلب صادق ہو نیت جائز ہو۔ عمل یہ ہے۔

یا جَامع المتفرقین بحق یا بدوح

ترکیب :۔ ہر روز بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھیں پڑھتے وقت محبوب کا تصور رکھیں کہ وہ ہاتھ باندھے سامنے کھڑا ہے۔

عطرِ محبّت

محبوب کیلئے مندرجہ ذیل عمل بھی نادر الوجود ہے فوراً ہی اپنا اثر کرتا ہے۔

عمل : سورہ مزمل کو مع گیارہ مرتبہ درود شریف کے گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے عطر پر دم کرے اور محبوب کو سونگھائیں فوراً فریفتہ ہوگا۔

تسخیرِ محبوب کیلئے

اگر کوئی محبوب سنگدل خواہ مرد ہو یا عورت آپکی طرف متوجہ نہ ہوتا ہو تو یہ عمل کیجئے انشاء اللہ ضرور تین روز میں فرمانبردار ہو جائے گا۔

عمل :۔ یا وَدُوْدُ

ترکیب :۔ چاہیئے کہ پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کریں اس میں گلاب اور کیوڑہ ڈالیں لازم ہے کہ پنجشنبہ کا دن ہو عصر کے وقت قبلہ رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے محبوب کا تصور کریں اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اسم اعظم مندرجہ بالا کو گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف کے پڑھیں اس کے بعد اس شربت پر دم کریں اور خود پی لیں۔ انشاء اللہ اسی دن مطلوب حاضر ہوگا۔ یا تین یا سات دن تک یہ عمل کریں ضرور کامیابی ہوگی۔

ختم شد

MAHFOOZ BOOK DEPOT

Fateh Maidan, Noorani Masjid, Malegaon, Nasik (M.S.)

Scanned by CamScanner